برکت۔

ایک شہزور قوت

مصنف: رچرڈ برنٹن

برکت۔

ایک شہزور قوت

مصنف: رچرڈ برنٹن

مترجمہ: مسز ثمینہ سرور

جُملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں!

نام کتاب:	برکت ۔ایک شہزور قوت
مصنف:	رچرڈ برنٹن
مترجمہ:	مسز ثمینہ سرور
نظرِ ثانی:	پاسٹر سرور مسیح
کمپوزنگ:	اسلم یوسف
تاریخ اشاعت:	2018م
بارِ اشاعت:	اوّل
تعداد:	10,000

لائٹ آف دی ورلڈ اسمبلیز

E-Mail: sarwarmasihpk@gmail.com

+92-321-4593982

فہرست مضامین

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	پیش لفظ	07
	تعارف	12
	حِصّہ اوّل: برکت کیوں؟	17
	دُور اندیشی	18
	ہمارے الفاظ کی قوت	22
	مسیحی برکت کیا ہے؟	28
	ہمارا رُوحانی اختیار	32

	حِصّہ دوم: ہم یہ خدمت کیسے انجام دیں؟	39
	کچھ اہم اُصول	40
	اپنی زبان اور طرزِ زندگی کو پاک رکھیں	
	بولنے سے پہلے روح القدس سے راہنمائی حاصل کریں	41
	دوسروں کے منصف نہ بنو۔ کسی کی عدالت نہ کرو	44
	ہمیں مختلف اقسام کی صورتِ حال کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔	48

	جو آپ پر لعنت کرتے ہیں انہیں برکت دیں۔	
	جو آپ کو رَد کرتے اور آپ کو دُکھ دیتے ہیں انہیں برکت دیں۔	50
	اپنے اذیت دینے والوں کے لیے برکت مانگیں۔	54
	خود کو لعنت کرنے کی بجائے برکت دیں۔	58
	لعنتوں کو منسوخ کریں۔	
	اپنی زبان کو باعثِ برکت بنائیں۔	61
	اپنی سوچ اور خیالات سے برکت دیں۔	

	اپنے بدن کو برکت دیں۔	65
	اپنے گھر، خاندان، بچوں اور ازدواجی زندگیوں کو برکت دیں۔	69
	باپ کی برکت	78
	دوسروں کے لیے نبوتی طور پر برکت جاری کرنا۔	83
	اپنی ملازمت کی جگہ کو برکت دیں۔	84
	اپنے معاشرے کو برکت دینا۔	87
	اپنی سرزمین کو برکت دینا۔	90
	خداوند کو مبارک کہنا۔	92
	اطلاق!	94
	ہم ایک مسیحی کیسے بنیں؟	96

پیش لفظ

اِس کتاب کے پڑھنے کیلئے مَیں آپ کی حوصلہ افزائی کرنا چاہتا ہوں کیونکہ جب آپ اِس کے پُرقوت پیغام کو قبول کریں گے تو یکسر بدل جائیں گے اور آپ کی ساری زندگی تبدیل ہو جائے گی۔اور آپ برکت کی شہزورقوت کو اپنی زندگی میں محسوس کریں گے۔

ایک دن صبح جب مَیں اور رچرڈ برنٹن دونوں ناشتہ کر رہے تھے تو رچرڈ برنٹن نے مجھے بتایا کہ خدا نے برکت کی قوت کے پیغام کو اُس پر ظاہر کیا ہے۔جونہی مَیں نے یہ سنا تو مَیں نے اپنے اندر ایک نئی قوت محسوس کی۔مَیں نے سوچا کہ اِس برکت کی قوت کو دوسروں تک بھی منتقل کرنا چاہیئے۔لہٰذا مَیں نے اپنی کلیسیا کے ایک کیمپ میں رچرڈ برنٹن کے اِس پیغام کی ویڈیو سب کو دکھائی۔سب نے یہ پیغام سنا۔اِس پیغام کے سننے کے بعد سب نے اپنی زندگیوں میں برکت

کی ایک نئی قوت کو محسوس کرنا شروع کیا۔ سب کی زندگیوں میں ایک نئی گواہی تھی۔ اُنکی گواہیوں کے سننے سے بابرکت نتائج سامنے آنے لگے۔ ایک تاجر نے اپنی گواہی سنائی کہ اُس کا کاروبار تقریباً ختم ہو چکا تھا مگر اِس پیغام کے سننے کے بعد دو ہفتے کے دوران خدا نے اُس کے کاروبار میں برکت دی اور دوبارہ سے اسے بحال کر دیا۔ بہت سے لوگ جسمانی طور پر مختلف قسم کی بیماریوں میں مبتلا تھے مگر اِس بابرکت پیغام کے سننے کے بعد اُن کی زندگی میں جسمانی شفا کی بحالی کی برکت آئی۔

اِس پیغام کو سنانے کے لیے خدا نے مختلف ملکوں کیلئے دروازے کھولے۔ پھر مَیں کینیا اور یوگنڈا گیا اور اپنے دوست رچرڈ برٹن کو بھی ساتھ لے گیا اور انہوں نے عبادات کے مختلف حصوں میں اپنا پیغام سب کو سنایا۔ اِس پیغام نے لوگوں کی زندگیوں کے بندھنوں کو توڑ دیا۔ ہر طرح کے دُکھوں، مصائب اور مشکلات اور جُدائیوں کے

جوئے ٹوٹ گئے ۔لوگ رونا شروع ہو گئے اور سب نے جذبات اور احساسات میں روحانی طور پر ایک نئی قوت پائی اور برکت کی قوت سے بھر گئے ۔

مَیں جانتا ہوں کہ اگر آپ یہ کتاب پڑھیں گے اور اِسکا اطلاق اپنی زندگی پر کریں گے تو خدا کے لیے آپ کی وفاداری بڑھ جائے گی اور آپ برکت کی قوت پا کر خدا کی بادشاہی کی وسعت کیلئے استعمال ہونا شروع ہو جائیں گے اور خدا آپ کو بھی دوسروں کی برکت کیلئے کثرت سے استعمال کرے گا۔

جیوف وِکلنڈ
جیوف وِکلنڈ منسٹریز
چیئرمین: پرومس کیپرز
آکلینڈ، نیوزی لینڈ

خدا نے رچرڈ برنٹن کو برکت کی قوت کا مکاشفہ عطا کیا ہے اور مَیں سمجھتا ہوں کہ یہ اِس دَور کیلئے خدا کا عظیم مکاشفہ ہے۔ کیونکہ جونہی رچرڈ اِس پیغام کو سناتے ہیں لوگ فوراً اِس کی حقیقت اور گہرائی کو تسلیم کر لیتے ہیں اور برکت پا جاتے ہیں۔ اِسی وجہ سے ہم نے رچرڈ کو اپنی کلیسیا کے مختلف پروگراموں اور عبادات میں اِس پیغام کو سنانے کی دعوت دی اور نتیجہ ہزاروں لوگوں کی بحالی تھا اور سب برکت کی ایک نئی قوت سے بھر گئے۔ یہ پیغام ایک ایسا پیغام تھا جس نے ہماری کلیسیا کے ہر ایک ایماندار کو چھوا اور اِس پیغام کے سننے کے بعد تمام ایمانداروں کی زندگیوں سے بابرکت نتائج سامنے آئے۔ جو لوگ کبھی دوسروں کیلئے بابرکت نہیں تھے وہ رچرڈ کے اِس پیغام کو سننے اور اِس کتاب کو پڑھنے کے بعد برکت کی قوت سے بھر گئے اور دوسروں کیلئے باعثِ برکت بننے کیلئے تیار ہو گئے اور وہ خدا باپ، بیٹے اور روح القدس کے نام میں دوسروں کیلئے باعثِ برکت

بنتے گئے۔

میَں رچرڈ برنٹن کی اِس کتاب کی دل سے تعریف کرتا ہوں اور اِس کے پیغام کو سراہتا ہوں ۔ بیشک یہ کتاب ہمارے خاندانوں ، معاشرے اور قوم کیلئے باعثِ برکت ہے۔

پال سبری ٹذ کی
نیشنل ڈائریکٹر پرومس کیپرز
آکلینڈ، نیوزی لینڈ

تعارف

ہر شخص ہمیشہ پُر جوش اور شادمانی کی خبر سننا چاہتا ہے۔ جب مَیں نے برکت دینے کی قدر و قیمت کو دریافت کیا تو مجھے ایسے لگا کہ جیسے بائبل مقدس میں سے کوئی خزانہ مل گیا ہو۔ مَیں بے حد خوش تھا لہٰذا مَیں نے اپنے اِن تجربات اور خیالات کا اظہار اپنے دوست پاسبان جیوف وِکلنڈ (Geoff Wiklund) سے کیا۔ انہوں نے مجھے اپنی کلیسیا میں اِس پیغام کو سنانے کیلئے کہا۔ انہوں نے فروری 2015ء میں مجھے اپنی کلیسیا میں خدمت کیلئے دعوت دی۔ وہ بڑی خوشی سے اِس پیغام کو سننے کے منتظر تھے۔

جب مَیں نے اِس پیغام کو اُس کلیسیا میں سنایا تو پاسٹر برائن فرانسس جو نیوزی لینڈ سے تعلق رکھتے ہیں۔ وہ بھی اِس عبادت میں شریک تھے۔ اِس کا نتیجہ یہ ہوا کہ انہوں نے بھی نیوزی لینڈ میں اپنی

کلیسیا میں یہ پیغام سنایا۔ جب اُن کی کلیسیا کے لوگوں نے اِس پیغام کو سنا تو وہ فوراً اسے قبول کرنے کو تیار تھے اور انہوں نے اِس پیغام کے مطابق اپنی زندگیوں کو ڈھالا جسکے نتیجہ میں بابرکت نتائج سامنے آئے۔ سب نے اِس بات کا اقرار کیا کہ انہوں نے اِس سے پہلے خدا کی بادشاہی کے اِس پہلو پر کبھی کلام نہیں سنا۔ یہ تعلیم اُن کیلئے نئی تھی۔ اِسکے بعد فروری 2015ء کے اختتام پر مَیں پاسٹر جیوف (Geoff) کے ساتھ کینیا اور یوگنڈا گیا۔ اِن ممالک میں پاسٹر جیوف (Geoff) سینکڑوں پاسبانوں کے ساتھ مل کر خدمت کر رہے تھے۔ پاسٹر جیوف (Geoff) نے محسوس کیا کہ میری تعلیم اور میرا پیغام وہاں موثر ثابت ہوسکتا ہے۔ وہاں امریکہ، آسٹریلیا اور جنوبی افریقہ سے بھی بہت سے پاسبان موجود تھے۔ انہوں نے یہ پیغام سن کر میری بے حد حوصلہ افزائی کی اور اِس طرح یہ بابرکت پیغام زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچا۔ اِس کتاب میں برکت کی

قوت کا پیغام نہایت آسان اور قابل عمل ہے۔اس میں کوئی پیچیدگی یا الجھن نہیں ہے۔اس لیے جو اِس کتاب کو پڑھے گا وہ اپنی زندگی میں برکت کے ایک نئے خزانہ کو دریافت کرے گا۔

مَیں نے اپنی زندگی میں ایمانداروں اور غیر ایمانداروں کو برکت دینا سیکھ لیا ہے۔مَیں ہوٹلوں،ہسپتالوں،گلیوں اور یتیم خانوں میں لوگوں کو برکت دیتا ہوں۔جب مَیں سفر کرتا ہوں تو ایئر ہوسٹس اور ہوائی جہاز کے تمام سٹاف کو برکت دیتا ہوں۔مَیں لوگوں کے مال واسباب کیلئے ہی نہیں بلکہ جانوروں کیلئے بھی برکت مانگتا ہوں۔ مَیں لوگوں کی جیب پر برکت مانگتا ہوں۔مَیں بڑے بڑے تاجروں کیلئے برکت مانگتا ہوں تا کہ وہ خدا کی بادشاہی کیلئے استعمال ہوں۔ بہت سے لوگ جب دُعا کیلئے میرے پاس آتے ہیں تو مَیں خدا باپ کے نام سے اُن کیلئے برکت کا اعلان کرتا ہوں۔

غیر ایمانداروں سے بات چیت کے دوران مَیں نے محسوس کیا

کہ اُنکے کاروبار اور شادی اور باقی تمام حالات کیلئے برکت مانگنا اتنا مشکل نہیں جتنا کہ اُن کیلئے دُعا کرنا مشکل ہے۔مگر ہمارا کسی کیلئے برکت مانگنا ہی اُسے دُعا گو بنا سکتا ہے۔اور اُسے یسوع مسیح کی نجات بخش قوت اور پیار کا تجربہ دے سکتا ہے۔میری زندگی کی یہ گواہی ہے کہ برکت کی قوت زندگیوں کو تبدیل کر دیتی ہے اور اِس قوت نے میری زندگی کو بھی تبدیل کر دیا۔

برکت دینا خدا کی فطرت ہے اور چونکہ خدا نے ہمیں اپنی شبیہ پر پیدا کیا ہے اس لیے یہ فطرت ہمارے اندر موجود ہے۔روح القدس خدا کے لوگوں کا منتظر ہے کہ وہ ایمان اور یسوع مسیح کا اختیار حاصل کر کے آگے قدم بڑھائیں اور محبت سے برکت دے کر دوسروں کی زندگیوں کو جیتیں۔میرا ایمان ہے کہ یہ کتاب اِس خدمت میں آپ کی مددگار ہوگی۔خداوند یسوع مسیح نے ہمیں بے اختیار نہیں چھوڑا بلکہ اُس نے ہمیں اختیار دیا ہے کہ ہم اُس کی بخشی گئی قوت سے اِس

دُنیا کو تبدیل کر سکتے ہیں۔ میرا ایمان ہے کہ آپ اِس کتاب کے
مطالعہ سے برکت پائیں گے۔

رچرڈ برنٹن

حِصّہ اوّل

برکت کیوں؟

دُوراندیشی

مَیں اپنی بیوی کے ساتھ اُسکی پیدائشی جگہ نومیا (Noumea) گیا۔ بیشک یہ ایک رومن کیتھولک ملک ہے۔ مَیں نے وہاں کا بغور جائزہ لیا اور محسوس کیا کہ وہاں کے لوگ تاریکی میں زندگی گزار رہے تھے۔ وہ ابھی تک اپنے مذاہب کی رسم و روایات اور عجیب عملیات سے جڑے ہوئے تھے اور مختلف بندھنوں کا شکار تھے۔ بہت سے لوگ جادوگری میں مبتلا تھے۔ اور اپنی زندگی کیلئے راہنمائی جادوگروں سے حاصل کرتے تھے۔

میری بیوی مجھے ایک عورت کے گھر لے گئی جو شفا کیلئے ایسے ہی بُرے لوگوں کے پاس جا کر ذہنی دباؤ اور مختلف مصائب کا شکار ہو چکی تھی۔ اب اُس کی زندگی میں دشمن کا جُوا تھا۔ وہ ذہنی طور پر بیمار تھی۔ جب مجھے معلوم ہوا کہ وہ اِس سے پہلے ایک مسیحی تھی تو مَیں نے اُس

کی زندگی سے ابلیس کو مسیح کے بخشے ہوئے اختیار کے ساتھ نکلنے کا حکم دیا۔ یہ نوجوان عورت اُسی دم آزاد ہوگئی ۔ اُسکے بندھن یسوع مسیح کے نام میں کھل گئے اور وہ اپنی تمام تر بُری صورتِ حال سے آزاد ہو گئی۔

اُسی علاقے میں مَیں نے ایک ایسے شخص کو دیکھا جو مسلسل معدے کی تکلیف میں مبتلا تھا۔ مَیں نے یسوع نام میں اُسے نصیحت کی کہ اگر وہ اپنے گھر کے سامنے سے بُت کو ہٹا دے تو وہ مکمل شفا پائیگا۔ اُس نے ایسا کرنے میں ہچکچاہٹ محسوس کی مگر ضرور تھا کہ وہ اِن تمام بُری ارواح سے آزاد ہوتا تا کہ شفا پائے ۔ چند مہینوں کے بعد جب مَیں اُس علاقے میں دوبارہ گیا تو مَیں اُسی شخص سے دوبارہ ملا اور اُسے اُسکے معدہ کی شفا کے بارے میں سوال کیا۔ اُس نے جواب دیا کہ بھائی رچرڈ برنٹن میں نے کافی سوچ بچار کے بعد خدا کی راہنمائی سے اُس بُت کو اپنے گھر کے سامنے سے ہٹا دیا تھا

اوراب میں مکمل شفا پا چکا ہوں۔

کسی اور موقع پر مَیں ایک اور گھر میں گیا۔ یہ گھرانہ بھی بدھ مت کا پیرو کار تھا۔ اُس شخص کی بیوی کینسر کی مریضہ تھی۔ انہیں بھی مَیں نے یسوع نام میں یہ نصیحت کی کہ اپنے گھر میں سے بُدھا کے بُت کو ہٹا دیں۔ اُس عورت کے شوہر نے فوری طور پر روح القدس کی فرمانبرداری کرتے ہوئے اُس بت کو پھینک دیا۔ پھر مَیں نے اُس عورت کے لیے دُعا کی اور تمام بُری ارواح کو باندھ دیا اور اُس گھر سے نکلنے کا حکم دیا۔ تمام بدروحیں یسوع نام میں بھاگ گئیں اور وہ عورت جو تقریباً جکڑی ہوئی تھی اور فالج کا شکار تھی۔ اب سر سے لے کر پاؤں تک اپنے سارے بدن کو ہلا سکتی تھی اور وہ یسوع نام میں اٹھ کھڑی ہوئی اور چلنے لگی۔

اِس تمام تر صورتِ حال کے پیشِ نظر مَیں نے اور میری بیوی نے فیصلہ کیا کہ نومیا (Noumea) کے ملک میں باقاعدہ تعلیمی

خدمت کا آغاز کیا جائے۔ یہ تعلیم ڈیرک پرنسؔ نے دی جو بیسویں صدی کے مشہور روحانی استاد اور بائبل ٹیچر تھے۔ لہٰذا میَں نے اسی تعلیمی سلسلہ کے مطابق اپنے پیغامات تیار کرنا شروع کیے۔ اِن پیغامات میں بُرا بولنا اور اچھا بولنا اور پھر اِن کے نتائج کا بھی ذکر تھا۔ کہ ہمارے الفاظ کیسے تخلیقی کام کرتے ہیں۔ اس مکاشفہ کے ساتھ ہم اِس کتاب میں برکت کی قوت کے حوالے سے سیکھیں گے۔

ہمارے الفاظ کی قوت

مَیں الفاظ کی قوت کے حوالے سے بہت سی اچھی کتابوں کا حوالہ نہیں دینا چاہتا بلکہ مَیں اُس حقیقت کو بیان کرنا چاہتا ہوں جو میرے لیے نہایت اہمیت رکھتی ہے۔

امثال 21:18 میں لکھا ہے کہ ''موت اور زندگی زبان کے قابو میں ہیں اور جو اُسے دوست رکھتے ہیں اُس کا پھل کھاتے ہیں۔

ہمارے الفاظ پُر اثر ہیں اور اِن میں قوت پائی جاتی ہے۔ خواہ یہ مثبت ہوں یا منفی۔ تعمیری ہوں یا تباہ کن۔ یہ اثر دکھاتے ہیں جو کچھ ہم بولیں گے وہی تخلیق ہوگا۔

متی 12:25-35 میں مزید لکھا ہے ''اے سانپ کے بچو تم بُرے ہو کر کیونکر اچھی باتیں کہہ سکتے ہو؟ کیونکہ جو دل میں بھرا ہے وہی منہ پر آتا ہے۔ اچھا آدمی اچھے خزانہ سے اچھی چیزیں نکالتا ہے

اور بُرا آدمی بُرے خزانے سے بُری چیزیں نکالتا ہے۔''

لہٰذا ایک تنقیدی سوچ رکھنے والا شخص ہمیشہ تنقید ہی کرے گا۔ وہ کسی کی حوصلہ افزائی نہیں کر سکتا اور کسی کو برکت نہیں دے سکتا۔ اِسی طرح ناشکر گزار دل ہمیشہ بڑبڑاتا رہے گا۔ شہوت پرستی سے بھرا ہوا دل بدی کے پھلوں سے لدا ہوگا۔ وہ کسی کیلئے باعثِ برکت نہیں ہو سکتا۔ اِس وقت دُنیا منفی سوچ سے بھرپور ہے۔ تاہم ایمانداروں کا رویہ اور کردار اِس کے برعکس ہے۔ وہ ہر حال میں شکر گزار، اچھے پھلوں سے لدے ہوئے اور سب کیلئے باعثِ برکت ہونگے۔ اُنکے دل خوشی، تسلی اور اطمینان سے بھرے ہونگے۔ لہٰذا جو ہم بوئیں گے وہی کاٹیں گے۔ اِسکے متعلق آپ کو سوچنے کی ضرورت ہے۔

تاہم ایماندار جو نئی پیدائش کا تجربہ حاصل کر چکے ہیں وہ نیا دل، نیا باطن اور گوشتین دل حاصل کر چکے ہیں۔ بائبل مقدس فرماتی ہے کہ اب ہم مسیح یسوع میں نئے مخلوق ہیں۔ اِس لیے نیا مخلوق ہونے کی

حیثیت سے ہمیں ہر وقت مثبت بولنا ہے اور دوسروں کیلئے باعثِ برکت بننا ہے۔ ہمیں اپنے دل کی خوب حفاظت کرنی ہے تا کہ ہمارے دل سے کسی کے خلاف منفی الفاظ نہ نکلیں جس سے کسی کی حوصلہ شکنی ہو۔ کیونکہ آپ یہ سن کر اور دیکھ کر حیران ہونگے کہ بعض اوقات مسیحی ایماندار بھی دوسروں کی حوصلہ شکنی حاصل کرتے ہیں اور خود پر بھی لعنت کرتے ہیں اور دوسروں کو بھی لعنتی ٹھہراتے ہیں۔

ہماری بلاہٹ

(اچھی اور مثبت گفتگو سے دوسروں کے لیے باعثِ برکت بنیں)

ایک مسیحی کی حیثیت سے ہماری زندگی مسیح کے ساتھ پیوستہ ہے اور ہماری زندگی سے مسیح کی محبت کی ندیاں جاری ہوتی ہیں۔ مگر ہم اپنی اچھی اور مثبت گفتگو کے باعث اِس سے بھی آگے بڑھ سکتے ہیں۔ ہم اپنی برکت دوسروں میں منتقل کر سکتے ہیں اور بے شک ہم اِسی کے لئے بلائے گئے ہیں کہ دوسروں کیلئے حوصلہ افزائی اور برکت کا باعث بنیں۔ دوسروں کو برکت دینا ہماری عظیم بلاہٹ ہے۔

1-پطرس 3:8-9 پڑھیں

''غرض سب کے سب یکدل اور ہمدرد ہو۔ برادرانہ محبت رکھو۔ نرم دل اور فروتن بنو۔ بدی کے عوض بدی نہ کرو اور گالی کے بدلے گالی نہ دو بلکہ اِس کے برعکس برکت چاہو کیونکہ تم برکت کے وارث

ہونے کے لیے بلائے گئے ہو۔''

لہٰذا میرے عزیزو ہم برکت کیلئے بلائے گئے ہیں تا کہ برکت حاصل کریں۔ جب خدا نے آدم اور حوا کو تخلیق کیا تو سب سے پہلے انہیں برکت دی۔

پیدائش 28:1 میں لکھا ہے:

''اور خدا نے اُن کو برکت دی اور کہا کہ پھلو اور بڑھو اور زمین کو معمور اور محکوم کرو۔''

خدا نے آدم اور حوا کو برکت دی اس لیے وہ باعثِ برکت اور پھلدار بن سکتے تھے۔ برکت دینا خدا کی فطرت اور صفت ہے۔ اس لیے ہمارے پاس بھی اختیار ہے کہ ہم دوسروں کو برکت دینے کی خدمت میں آگے بڑھیں اور برکت کی قوت پائیں۔

خداوند یسوع مسیح نے بھی برکت دی۔ جب وہ آسمان پر اٹھا لیے گئے تو انہوں نے اپنے شاگردوں کو برکت دی۔

لوقا 24:50-51 پڑھیں

''پھر وہ انہیں بیت عنیاہ کے سامنے تک باہر لے گیا اور اپنے ہاتھ اُٹھا کر انہیں برکت دی۔ جب وہ انہیں برکت دے رہا تھا تو ایسا ہوا کہ اُن سے جدا ہو گیا اور آسمان پر اٹھایا گیا۔''

یسوع مسیح کا کردار اور اُس کی زندگی ہمارے لیے ایک مثال ہے۔ ہمیں اِسی کی راہنمائی میں چلنا ہے۔ ہم اُس کی شبیہ پر تخلیق کیے گئے ہیں۔ اِس لیے ہم با برکت ہیں اور ہمیں دوسروں کے لیے با برکت بننا ہے۔

مسیحی برکت کیا ہے؟

پرانے عہد نامہ میں لفظ ''برکت'' کیلئے عبرانی لفظ 'Barak' استعمال ہوا ہے۔ اِس کا مطلب ہے کہ خدا کی سوچ اور خدا کے ارادہ کے مطابق بولنا۔ جبکہ نئے عہد نامہ میں لفظ ''برکت'' کے لیے یونانی لفظ ''Eulogia'' استعمال ہوا ہے۔

نئے عہد نامہ میں لفظ ''برکت'' کیلئے یونانی لفظ Eulogia استعمال ہوتا ہے اور اِس کا مطلب ہے دوسروں کے لیے اچھا بولنا یعنی دوسروں کو برکت دینا اور دوسروں کی حوصلہ افزائی کرنا۔ یعنی خدا کی سوچ اور خدا کے ارادہ اور فضل کے مطابق کسی کے لیے بولنا۔

حقیقت میں برکت کی یہی تعریف ہے جو مَیں اس کتاب میں استعمال کرونگا۔ خدا نے اپنی حکمت و دانائی سے اِس دُنیا میں اپنی بادشاہی کی وسعت کیلئے کچھ لوگوں کی خدمت کیلئے اپنے فضل سے

اُن کی حدود مقرر کی ہیں اور وہ اِس خدمت کو اپنے لوگوں کے وسیلے مکمل کرنا چاہتا ہے ۔اور وہ اُنکے وسیلے لوگوں کو برکت دینا چاہتا ہے۔پس ایک مسیحی ہونے کی حیثیت سے میں خدا کے اِس ارادہ اور سوچ کو سمجھ سکتا ہوں اور اِسکے متعلق بتا سکتا ہوں کہ وہ اپنے بیٹے یسوع مسیح کے نام میں لوگوں کو برکت دینا چاہتا ہے۔لہٰذا اگر مَیں ایمان اور محبت سے یہ کرونگا تو خدا آسمان سے مجھے اپنا اختیار اور اپنی قوت بخشے گا اور مَیں توقع کرتا ہوں کہ خدا تمام حالات کو بدلنا شروع کر دیگا اور تمام بگڑی باتیں اور بکھرے کام سمٹنا شروع ہو جائینگے۔

یہی میری شخصی گواہی ہے کہ جب مَیں ایمان سے اور خدا کے ارادہ اور خدا کی سوچ سے لوگوں کے لیے محبت سے دُعا کرتا ہوں اور مَیں دیکھتا ہوں کہ خدا اُس کے لیے اپنے منصوبے ترتیب دینا شروع کر دیتا ہے۔مگر دوسری طرف ابلیس بھی متحرک ہو جاتا ہے کہ وہ خدا

کے منصوبوں کو اُسکی زندگی میں ناکام بنا سکے اور اُس کی برکت اور خوشی کو چُرا سکے۔ وہ تباہی و بربادی کا کام کرنا چاہتا ہے۔ مگر خدا کی تعریف ہو اور اُس کا شکر ہو۔

''کیونکہ جو تم میں ہے وہ اُس سے بڑا ہے جو دُنیا میں ہے''

(1-یوحنا4:4)

یہ خدا کی فطرت ہے اور اُسکی خواہش ہے کہ وہ اپنے لوگوں کو برکت دے۔ اِس برکت کو ابلیس روک نہیں سکتا۔ خداوند اپنے ارادہ میں قائم ہے اور اُسی کے ارادے اور منصوبے قائم رہیں گے۔ وہ چاہتا ہے کہ یسوع مسیح کے بہت سے بہن اور بھائی ہوں۔ وہ سب کو اپنے بیٹے اور بیٹیاں بنا کر برکت دے کر اپنی بادشاہی میں داخل کرنا چاہتا ہے اور خداوند چاہتا ہے کہ ہم سب ایک دوسرے کو برکت دیں

جب ہم یسوع نام میں دوسروں کو برکت دیتے ہیں تو روح القدس اتر آتا ہے اور خدا کی قدرت کو ظاہر کرتا ہے کیونکہ اُس وقت

ہم خدا کی خواہش، سوچ اور ارادہ کے مطابق بول رہے ہوتے ہیں۔
یہ میرا تجربہ ہے کہ جب مَیں دوسروں کو برکت دیتا ہوں تو روح
القدس مداخلت کرتا ہے۔ وہ لوگوں کو چھوتا ہے اور خدا کی محبت جاری
ہوتی ہے اور پھر بہنا شروع ہو جاتی ہے اور پھر اسکے بعد تمام حالات
بدل جاتے ہیں۔ اِسکے بعد لوگ میرے گلے لگ جاتے ہیں اور
روتے ہیں اور کہتے ہیں کہ بھائی رچرڈ ہمیں اِس پیغام کی بے حد
ضرورت تھی اور وہ اپنی تبدیلی کی گواہی دیتے ہیں۔ مگر یہ اہم بات یاد
رکھنے کی ضرورت ہے کہ ہمیں خدا کی قربت حاصل کر کے دوسروں کو
برکت دینی ہے۔ ہماری روحانی زندگی اور خدا تک ہماری رسائی بے
حد ضروری ہے۔ ہمارے اپنے الفاظ میں کوئی اثر نہیں۔ اِن سے
تبدیلی نہیں آئیگی ہمارے الفاظ روح القدس سے مسیح شدہ ہونے
چاہئیں۔ کیونکہ صرف اسی صورت میں خدا کا ارادہ اور منصوبہ کسی شخص
میں مکمل ہو سکتا ہے۔ اور اُسکے بگڑے حالات کو تبدیل کر سکتا ہے۔

ہمارا رُوحانی اختیار

پرانے عہد نامہ میں کاہن لوگوں کے لیے شفاعت کرتے تھے اور اُن کے لیے خدا سے برکت مانگتے تھے اور پھر برکت کا اعلان کرتے تھے۔ یہی وہ طریقہ ہے کہ آپ بنی اسرائیل کو برکت دیں اور کہیں ۔خداوند تجھ کو برکت دے اور اپنے چہرہ کو تجھ پر جلوہ گر فرمائے۔وہ تجھ پر مہربان رہے۔خدا تجھے اطمینان بخشے ۔

گنتی 6:23-27 میں یوں لکھا ہے کہ تم بنی اسرائیل کو اس طرح دُعا دیا کرنا، تم اُن سے کہنا، خداوند تجھے برکت دے اور تجھے محفوظ رکھے۔ خداوند اپنا چہرہ تجھ پر جلوہ گر فرمائے اور تجھ پر مہربان رہے۔ خداوند اپنا چہرہ تیری طرف متوجہ کرے اور تجھے سلامتی بخشے۔ اِسی طرح وہ میرے نام کو بنی اسرائیل پر رکھیں اور مَیں اُنکو برکت بخشوں گا۔

1- پطرس 9:2 کے مطابق نئے عہد نامہ میں ہم مسیحی ہونے کی حیثیت سے ایک برگزیدہ نسل، شاہی کاہنوں کا فرقہ، مقدس قوم اور ایک ایسی اُمت ہیں جو خدا کی خاص ملکیت ہے تا کہ اُسکی خوبیاں ظاہر کریں کیونکہ اُس نے ہمیں تاریکی سے اپنی عجیب روشنی میں بلایا ہے۔ اور پھر مکاشفہ 6:1 میں لکھا ہے کہ یسوع مسیح نے ہم کو ایک بادشاہی بھی اور اپنے خدا اور باپ کے لیے کاہن بھی بنا دیا۔

کچھ عرصہ پہلے میں نومیا (Noumea) میں ایک دُعائیہ گروپ میں پیغام سنانے کی تیاری کر رہا تھا۔ مَیں نے محسوس کیا کہ خدا نے مجھ سے کلام کیا۔ خداوند نے مجھ سے کہا کہ رچرڈ تم نہیں جانتے کہ تم کون ہو تم خداوند کا اختیار رکھتے ہوں اور تم دُنیا کو تبدیل کر سکتے ہو اور تم دُنیا کو تبدیل کرو گے۔ یہ دونوں پیغامات اِن دعائیہ گروپوں کیلئے نہایت باعثِ برکت تھے مگر مَیں نے محسوس کیا کہ یہ پیغامات خود میرے لیے بھی تھے۔

میرا یہ تجربہ ہے کہ براہِ راست کسی بیماری کو جھڑکنا ایک پہاڑ کو ہٹانے کے برابر ہے۔ مرقس 23:11 اور شفا حاصل کرنا خدا کو اپنے پاس بلانے کے برابر ہے۔ (مرقس 16:17-18)

متی 8:10 یہ صرف میرا ہی تجربہ نہیں بلکہ اُن تمام معزز خادموں کا بھی ہے جو یہ عظیم خدمت کر رہے ہیں اور شفا کی بحالی کی خدمت میں کوشاں ہیں۔ اسی لیے یسوع مسیح نے فرمایا کہ تم میرے نام سے بیماروں کو شفا دینا۔

میرے عزیزو! یہ صرف میری خدمت نہیں بلکہ آپ سب کی اور ہر ایماندار کی خدمت ہے۔ خدا سب کو شفا دینا چاہتا ہے اور وہ یہ کام ہمارے ذریعے کرتا ہے۔ وہ سب کو رہائی دلانا چاہتا ہے اور وہ یہ کام ہمارے ذریعے کرنا چاہتا ہے۔ وہ سب کو برکت دینا چاہتا ہے اور وہ یہ خدمت ہم سے لینا چاہتا ہے۔ لہٰذا ہم خدا سے برکت مانگیں اور یسوع مسیح کے نام سے دوسروں کو برکت دیں۔

جب مَیں نے اپنی خدمت کا آغاز کیا تو مَیں نے کولمر برنٹن (Colmar Brunton) کو برکت دینے سے اپنی خدمت کا آغاز کیا۔ آغاز میں تھوڑی تبدیلی کو محسوس کیا۔ مگر بعدازاں یہ برکت بڑھتی گئی۔ خداوند کے روح نے میرے لیے کلام کیا۔

کولمر برنٹن (Colmar Brunton) مَیں تجھے خدا باپ، خدا بیٹے اور خدا روح القدس کے نام سے برکت دیتا ہوں۔ مَیں تجھے دُنیا کے تمام ممالک میں خدمت کے لیے برکت دیتا ہوں۔ مَیں تجھے، تیرے گھرانے اور تیرے کاروبار کو برکت دیتا ہوں۔ مَیں خدا کی بادشاہی کی وسعت کی برکت کو تیری زندگی میں جاری کرتا ہوں۔ مَیں اطمینان، تسلی، تحمل، مہربانی، بھلائی اور وفاداری و محبت کو تیری زندگی میں جاری کرتا ہوں۔ مَیں مارکیٹ میں تیرے تمام گاہکوں کو برکت دیتا ہوں۔ دُنیا میں تیرا کاروبار وسیع اور بابرکت ہو۔ اِس کے بعد مَیں نے رویا میں اس برکت کو دیکھ کر قبول کیا اور یسوع مسیح کے

نام میں شکر ادا کیا۔

اسکے بعد مَیں نے برکت پر یسوع مسیح کے خون کی مُہر کی ۔اور اُس دن کے بعد سے آج تک مَیں اپنی زندگی میں خوشی اور خوشحالی کو محسوس کر رہا ہوں۔اور میری زندگی کی گواہیوں سے اِس برکت کی تصدیق بھی ہوتی ہے ۔میرے دفتر کا ماحول یکسر بدل چکا ہے اور حقیقت میں یہ حیران کن ہے۔یہ حقیقت ہے کہ برکت ہی ہماری دُنیا کو ہمارے لیے تبدیل کر سکتی ہے۔

مَیں نے یہیں پر ختم نہیں کر دیا۔صبح کے وقت جب ابھی دفتر میں کوئی سٹاف ممبر نہیں ہوتا مَیں سب سے پہلے جا کر اپنی کرسی پر خدا کی برکت مانگتا ہوں ۔اور تمام دن کاروبار کی صورتِ حال کے حوالے سے خدا کی حکمت و دانائی مانگتا ہوں۔اور دفتر کے سارے سٹاف کیلئے برکت مانگتا ہوں۔مَیں ہر طرح کی بُری ارواح اور لعنت کرنے والی زبانوں کو باندھ دیتا ہوں اور یسوع مسیح کے بخشے ہوئے

اختیار سے بدی کی تمام قوتوں کو مغلوب کرتا ہوں۔

ایک دفعہ ایک شخص میرے پاس آیا اور اُس نے درخواست کی کہ مَیں اُس کیلئے دُعا کروں۔ دراصل وہ دفتر میں کام کرتا تھا اور وہاں کے سٹاف کے ہاتھوں بے حد پریشان تھا۔ سب اُس پر لعنت کرتے تھے اور وہ اِس ملازمت سے جان چھڑانا چاہتا تھا۔ وہ بہتر ماحول کی تلاش میں تھا جہاں لوگ اُس کی حوصلہ افزائی کریں اور اُس کے لئے برکت چاہیں۔ میرے عزیزو! ہم برکت دینے اور برکت قبول کرنے سے اپنی دُنیا کو بدل سکتے ہیں۔

خدا تمام بنی نوع انسان کو برکت دینے کا خواہشمند ہے۔ یہ اُس کی الٰہی مرضی ہے کہ تمام انسان برکت پائیں۔ یقیناً وہ اپنے لوگوں کے لیے اس سے بھی زیادہ خواہش رکھتا ہے کہ وہ برکت پائیں۔ اُس کے لوگوں اور برگزیدوں کے پاس یہ اختیار ہے کہ وہ سب کو برکت دیں۔ ہمارا آسمانی باپ یہ چاہتا ہے کہ ہم اِس خدمت میں اُس

کا ساتھ دیں اور اُس کے ساتھ مل کر کام کریں۔ ہم شفا کی خدمت اور رہائی کی خدمت سے بنی نوع انسان کی خدمت کر سکتے ہیں مگر ضرور ہے کہ ہم اپنے الفاظ سے انہیں برکت دیں۔ ہم وہ لوگ ہیں جنہیں خدا دُنیا کو برکت دینے کے لیے استعمال کرنا چاہتا ہے۔ یہ ہماری ذمہ داری ہے اور یہ ہمارے لیے ایک اعزاز ہے۔

میرے خیال میں برکت دینے کی خدمت سے مراد ہے اپنے الفاظ سے کسی کو خدا کے ارادہ اور خدا کی سوچ کے مطابق برکت دینا۔ اور اُسکے دیئے گئے اختیار سے برکت دینا۔ جب ہم کسی شخص کی صورتِ حال سے متعلق خدا کے ارادہ اور منصوبہ کا اعلان کرتے ہیں تو ہم اُس کی زندگی میں بحالی اور الٰہی تبدیلی کو جاری کرتے ہیں۔ اور پھر یہ سب کچھ وجود میں آجاتا ہے اور میرے عزیزو! یہ بات ہمیشہ یاد رکھو کہ چونکہ ہم بابرکت لوگ ہیں برکت پا چکے ہیں۔ اس لیے برکت دینا ہماری خدمت اور ہماری ذمہ داری ہے۔

حِصّہ دوم

ہم یہ خدمت کیسے انجام دیں؟

کچھ اہم اصول

اپنی زبان اور طرزِ زندگی کو پاک رکھیں

ایک ہی منہ سے مبارک باد اور بد دُعا نکلتی ہے۔ اے میرے بھائیو! ایسا نہ ہونا چاہئے۔ (یعقوب 10:3)

اور اگر تو لطیف کو کثیف سے جدا کرے تو تُو میرے منہ کی مانند ہوگا۔ (یرمیاہ 19:15)

اگر آپ خدا کے ارادے اور خدا کے منصوبے لوگوں پر ظاہر کرنا چاہتے ہیں اور خدا کی اِس خدمت میں اُس کا ساتھ دینا چاہتے ہیں تو پھر کثیف گفتگو کو اپنے منہ سے الگ کر دیں۔ اپنی زبان کو پاک رکھیں تا کہ دوسروں کو برکت دے سکیں۔

بولنے سے پہلے روح القدس سے رہنمائی حاصل کریں

اپنی روح کو خدا کی پرستش کرنے اور دُعا میں غیر زبانیں بولنے سے متحرک کریں اور خداوند سے تقویت پائیں۔ روح القدس سے حکمت اور امتیاز مانگیں کہ وہ آپکی راہنمائی کرے گا کہ آپ جس شخص کیلئے دُعا کرنا چاہتے ہیں اُسے خدا کی محبت میں برکت دے سکیں۔ پھر یوں دُعا کریں۔

اے باپ تو اِسے کیسی برکت دینے کا خواہشمند ہے؟ اے خدا باپ تو مجھے اپنے الفاظ عطا کرتا کہ مَیں اِس شخص کو تیری مرضی کے مطابق برکت دے سکوں۔ مَیں اِس بھائی / بہن کی کیسے حوصلہ افزائی کرسکتا ہوں اور اِسے کیسے تسلی دے سکتا ہوں؟

کیا برکت دینا شفاعت کرنے سے الگ خدمت ہے؟

کچھ لوگ سمجھتے ہیں کہ برکت دینا سیکھنا بہت مشکل ہے۔مگر اِس کا آغاز شفاعت کرنے سے ہی ہوتا ہے۔ **برکت دینا** بنیادی طور پر کسی کیلئے دُعا کرنا ہے۔ **برکت دینا** اور **شفاعت کرنا** یہ دونوں خدمتیں ساتھ ساتھ چلتی ہیں اور انہیں ہمیشہ ساتھ ساتھ ہی رہنا چاہئے۔

عظیم مصنف رائے گیڈوِن (Roy Gadwin) اور ڈیو رابرٹ (Dave Robert) کہتے ہیں: کہ جب ہم کسی شخص کو برکت دیتے ہیں تو اُسکی صورتِ حال کے مطابق اُس سے نگاہیں دوچار کرتے ہیں اور براہِ راست اُس سے بات کرتے ہیں۔مثال کے طور پر ہم یوں کہہ سکتے ہیں۔مَیں خداوند یسوع مسیح کے نام سے

تجھے برکت دیتا ہوں کہ اُسکا فضل ہمیشہ تجھ پر سایہ کرے۔ مَیں یسوع مسیح کے نام میں تجھے برکت دیتا ہوں کہ خدا باپ کی محبت تجھے گھیرے رکھے اور معمور کرے تا کہ آپ اُسکی محبت کی گہرائی کو جان سکو۔

غور کریں کہ یہ میرا شخصی اعلان ہے کہ مَیں نے اپنے الفاظ سے اُسے برکت دی ہے۔ یہ مَیں ہوں جو شخصی طور پر اُس کے لیے یسوع مسیح کے نام میں برکت کا اعلان کر رہا ہوں۔ یہ مَیں دُعا نہیں کر رہا بلکہ یسوع مسیح کے بخشے گئے اختیار سے اُس کے لیے برکت کا اعلان کر رہا ہوں تا کہ وہ بھی برکت پا کر دوسروں کو برکت دے سکے۔

دوسروں کے منصف نہ بنو۔

کسی کی عدالت نہ کرو

ہمیں دوسروں کی عدالت کرنے کا حق نہیں ہے کہ آیا کوئی شخص برکت کا حقدار ہے یا نہیں ۔ کیونکہ خدا کی نگاہ کسی شخص کی ظاہری حالت پر نہیں ہوتی کہ وہ کیسا ہے بلکہ خدا یہ سوچتا ہے اور چاہتا ہے کہ وہ کیسا ہوسکتا ہے اور کیسا ہوگا۔

قضاۃ 12:6 میں لکھا ہے'' کہ خداوند نے جدعون کو بلایا کہ اے زبردست سُورما! خداوند تیرے ساتھ ہے۔''

جبکہ وہ اُس وقت کمزور حالت میں تھا اور بے دل تھا۔اسی طرح متی 18:16 میں خداوند نے پطرس کو **پتھر** کہا۔اسی طرح ہم رومیوں 17:4 میں پڑھتے ہیں۔

''اور جو مُردوں کو زندہ کرتا ہے اور جو چیزیں نہیں ہیں اُن کو اِس

طرح بلا لیتا ہے کہ گویا وہ ہیں۔'' اب ہمیں اپنی حلیمی اور عاجزی کا اِسی سے نتیجہ اخذ کرنے کی ضرورت ہے کہ آیا کہ ہم کسی کا انصاف کر سکتے ہیں یا نہیں؟ ۔ آیا ہمیں کسی کی عدالت کرنے کا حق حاصل ہے یا نہیں؟ بے شک بہت کم لوگ برکت کے حقدار ہوتے ہیں مگر برکت کی ضرورت سب لوگوں کو ہوتی ہے اور سب برکت پانا چاہتے ہیں۔ اس لیے اگر ہم اُن لوگوں کو برکت دیتے ہیں جو برکت پانے کے حقدار نہیں تو ہم بھی خدا باپ سے عظیم برکات حاصل کرتے ہیں۔

ایک تصوراتی مثال

آپ تصور کریں کہ فریڈ (Fred) نامی ایک شخص شراب نوشی کا شکار ہے اُس کی بیوی اُس سے خوش نہیں ہے۔ لہٰذا وہ اپنے شوہر کیلئے اِس طرح دُعا کر سکتی ہے۔ اے خدا باپ فریڈ (Fred) کو برکت دے۔ اُسے شراب نوشی سے نجات دلا۔ اے خدا میری اِس دُعا کو سن ۔مگر یہ کہنا مندرجہ بالا الفاظ سے کہیں زیادہ با برکت ہے اور حوصلہ افزائی کا باعث ہے۔

فریڈ (Fred) میں تجھے یسوع مسیح کے نام سے برکت دیتی ہوں ۔ خدا باپ کے منصوبے تیری زندگی میں پورے ہوں۔ تو ایسا شوہر اور باپ بنے جیسا خداوند تجھے بنانے کی خواہش رکھتا ہے۔ مَیں تجھے شراب نوشی کی لعنت سے رہائی کی برکت دیتی ہوں۔ مَیں تجھے یسوع مسیح کے اطمینان اور تسلی کی برکت دیتی ہوں۔

فریڈ(Fred) کی بیوی کی پہلی دُعا اپنے شوہر کی عدالت کو پیش کرتی ہے۔اِس طرح فریڈ(Fred) کے گناہ کو ظاہر کیا گیا ہے اور بیوی نے اپنی راستبازی کو پیش کیا ہے۔

مگر اِس کے برعکس دوسری برکت بیوی کی محبت کو پیش کرتی ہے۔اِس میں وہ اپنے شوہر Fred کو گنہگار نہیں ٹھہراتی بلکہ اُس کی تبدیلی اور برکت کی خواہش کرتی ہے۔

یاد رکھیں کہ ابلیس ہمیشہ ہر انسان کے گناہوں کے ساتھ اُس سے ہمکلام ہوتا ہے۔وہ ہر انسان کو اُسکے گناہ یاد دلاتا ہے اور ہر وقت اُسے مجرم ٹھہراتا ہے۔وہ چاہتا ہے کہ ہر انسان ہمیشہ احساسِ جرم کا شکار رہے۔مگر خدا انسان کو پاک کرنے کیلئے اُس سے ہمکلام ہوتا ہے اور اُسے برکت دیتا ہے۔اسی طرح خدا فریڈ(Fred) سے بھی محبت رکھتا ہے اور اسے برکت دینا چاہتا ہے۔

ہمیں مختلف اقسام کی صورتِ حال کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے

مَیں برکت دینے کی خدمت کیلئے بلایا گیا ہوں ۔اور مَیں اس برکت کی خدمت کیلئے یسوع کا شاگرد ہوں۔ جب مَیں نے یہ خدمت شروع کی تو مجھے اِس خدمت کی کچھ زیادہ سمجھ نہیں تھی ۔لیکن مَیں جلد ہی اِس بات کو سمجھنا شروع ہو گیا کہ زندگی میں بہت سی ایسی الجھن اور صورتِ حال ہے جس کے لئے مجھے برکت کی ضرورت ہے ۔ پھر اِس کیلئے مَیں نے روح القدس سے راہنمائی حاصل کرنا شروع کی اور خداوند نے میری مدد کی کہ مَیں اِس خدمت کے قابل ہوا۔

اُن لوگوں کیلئے بھی خدا کی برکت ہے جو آپ پر لعنت کرتے ہیں۔ضرور ہے کہ ہم اُن کیلئے برکت مانگیں ۔کافی سال پہلے ایک

عورت جس نے میرے دفتر سے استعفٰی دیا تھا میرے گھر آئی۔ چائے پینے کے بعد اُس نے مجھے خدا حافظ کہا مگر اُس کے الفاظ نامناسب تھے اور اُس کی گفتگو حوصلہ شکن تھی۔ تھوڑی دیر کے لیے مَیں خوفزدہ ہوا مگر مَیں نے جلد ہی اِس خوف کو یسوع نام میں رَد کر دیا اور اِس پر غالب آ گیا۔ مَیں نے اُس کی منفی گفتگو کو قبول نہ کیا۔ آخر کار اُسکی اجازت سے مَیں نے اُس کے لیے دُعا کی۔ مَیں نے اُس سے کہا Deborah ''ڈیبرا'' مَیں تیری زندگی میں بدی کی تمام قوتوں کو باندھتا ہوں اور یسوع مسیح کے نام میں تجھے برکت دیتا ہوں۔ مَیں تیرے لیے خدا باپ کی بھلائی اور شفقت کا اعلان کرتا ہوں۔ تیری زندگی میں خداوند کے ارادے پورے ہوں۔ مَیں تجھے ایسی نعمتوں کی برکت دیتا ہوں۔ جن سے تیرا مستقبل روشن ہو اور تیری زندگی میں خدا کا نام عزت اور جلال پائے۔ اور تو خداوند کی بابرکت بندی ثابت ہو۔ یسوع کے نام میں (آمین)

جو آپ کو رَد کرتے اور آپ کو دُکھ دیتے ہیں انہیں برکت دیں۔

ایک دفعہ مَیں نے ایک ایسی عورت کیلئے دُعا کی جو اپنے شوہر سے علیحدگی کے بعد جذباتی اور مالی طور پر بڑی مشکل کی زندگی گزار رہی تھی۔ مَیں نے اس سے کہا کہ اگر تو اپنے شوہر کو معاف کر دے تو تمام مشکلات ختم ہو سکتی ہیں۔ اگرچہ اُس کے لیے یہ مشکل تھا مگر اُس نے ایسا کیا پھر مَیں نے اُس سے کہا کہ وہ اپنے شوہر کو برکت دے۔ اگرچہ میری اِس بات پر اُسے تھوڑا سا دُکھ محسوس ہوا مگر اُس نے اپنے شوہر کو برکت دی۔ اگرچہ اُس کا شوہر وہاں موجود نہیں تھا مگر مَیں نے مندرجہ ذیل الفاظ بولنے میں اُس کی راہنمائی کی۔

''میرے شوہر مَیں تجھے برکت دیتی ہوں۔ ہماری شادی میں خداوند کے جو منصوبے اور مقاصد تھے وہ ہماری زندگی میں پورے

ہوں ۔ خداوند آپ کوایسا شوہر اور باپ بننے کا فضل عطا کرے جیسا وہ آپ کو بنانا چاہتا ہے ۔ خدا باپ کا فضل ہمیشہ آپ کی زندگی پر ہو۔ یسوع مسیح کے نام میں ۔ آمین

آغاز میں یہ اُس عورت کے لیے بہت مشکل تھا مگر جب اُس نے خداوند کو اپنا دل دے کر اُس کی سوچ اور محبت کے مطابق بولنا شروع کیا تو روح القدس کا مسح ٹھہر گیا ۔ اور ہم دونوں رونے لگے کیونکہ خداوند کی محبت نے ہمیں گھیر لیا تھا اور میرا ایمان ہے کہ اُس کے شوہر کو بھی خداوند کی محبت نے گھیر لیا تھا ہماری راہیں خداوند کی راہیں نہیں ۔ ہمارے خیال اسکے خیال نہیں ہیں ۔ خداوند کے خیالات اور ارادے بہت بلند ہیں ۔

اِس طرح کی صورتِ حال میں دوسروں کو برکت دینا نہایت حوصلہ افزا اور عظیم الشان طریقہ ہے ۔ یہ مسیح کی محبت کا طریقہ ہے جو خدا جیسا دل رکھتے ہیں اور جن کا گوشتین دل ہے وہی ایسے لوگوں کو

برکت دے سکتے ہیں جو برکت کے حقدار نہیں ہیں ۔ جوڈا کو یسوع مسیح کے ساتھ صلیب پر چڑھایا گیا اور وہ عورت جو زنا میں پکڑی گئی تھی کیا وہ برکت کی حقدار تھی؟ یقیناً ہمارے خیال میں دونوں برکت کے حقدار نہیں تھے مگر حقیقت سے آپ خود واقف ہیں

حال ہی میں مجھے ایک ای ۔میل پر پیغام آیا۔ یہ بھائی ڈینس (Denis) کی اپنی شخصی گواہی تھی جو انہوں نے مجھے ای۔میل کے ذریعے بھیجی۔ یہ کچھ یوں تھی:

تین مہینے پہلے مَیں اپنے بھائی کے ساتھ فون پر بات کر رہا تھا۔ چونکہ میرے یہ بھائی مجھ سے کافی دُور ہیں اس لیے ہمارے درمیان رابطہ بہت کم ہوتا ہے۔ وہ کسی دوسرے شہر میں رہتے ہیں۔ جب ہم نے اپنی گفتگو ختم کی تو مَیں نے اپنے بھائی سے کہا کہ مَیں آپ کے کاروبار کیلئے دُعا کروں۔ مگر اُس نے اچھے انداز میں جواب نہ دیا۔ اُس کا رویہ گستاخانہ تھا اور اُس نے کچھ نازیبا الفاظ کہے جن سے مَیں

بے حد پریشان ہوا۔ اب مجھے خطرہ تھا کہ یہ رشتہ کہیں ہمیشہ کیلئے ختم نہ ہو جائے۔ پھر مَیں معمول کے مطابق اپنی روزمرہ کی زندگی میں مصروف ہوگیا۔ اب مَیں نے **برکت کی شہزورقوت** کو اپنے بھائی کے کاروبار پر مانگنا شروع کر دیا۔ بعض اوقات مَیں دن میں تین بار اپنے بھائی کیلئے **برکت** مانگتا تھا۔ پھر ایک دن کرسمس سے پہلے میرے بھائی نے مجھے فون کیا اور اُس کے لہجہ کی نرمی دیکھ کر مَیں حیران تھا کہ جیسے کبھی کچھ بھی نہیں ہوا تھا۔ اُس کا رویہ محبت سے بھرپور تھا اور اب ہمارے درمیان کوئی دُوری اور الجھن نہیں تھی۔ یقیناً **برکت کی شہزورقوت** ہمارے حالات اور زندگی کو یکسر بدل دیتی ہے۔ خداوند کی تعریف ہو!

اپنے اذیت دینے والوں
کیلئے برکت مانگیں

جب لوگ ہمارے ساتھ خودغرضی کا سلوک کرتے ہیں۔ہمیں غصہ دلاتے اور اذیت دیتے ہیں اورکئی دفعہ سفر کے دوران گاڑی چلاتے ہوئے کجرولوگوں سے واسطہ پڑتا ہےتو نادانستہ ہمارے منہ سے نازیبا الفاظ نکلتے ہیں۔ جب ہم ایسا کرتے ہیں تو خدا کی مرضی کے خلاف لوگوں پرلعنت کرتے ہیں۔ اِس لیےتوبہ کریں، خدا سے معافی مانگیں اور اگر دوبارہ کبھی ایسے حالات کا سامنا ہوتو لعنت کی بجائے لوگوں کو برکت دیں۔اور یوں کہیں:

اے خداوندمیَں اُس نوجوان کو جوتیز رفتاری سے میری گاڑی سےٹکراتا ہوا گزرا، تیرے پاک نام سے برکت دیتا ہوں۔ تیری بھلائی اُس کی زندگی پرراج کرے۔ وہ سلامتی سے اپنے گھر

اورخاندان میں پہنچے اور تیرے نام کوعزت اورجلال دے سکے ۔ یسوع مسیح کے نام میں آمین۔

میری کتاب پڑھنے والے ایک شخص نے ایک دلچسپ گواہی بھیجی۔

''مَیں نے اب تک اپنی زندگی پرغور کیا ہے کہ اِس کتاب کے پڑھنے سے میری زندگی یکسر تبدیل ہوچکی ہے۔ساری چیزیں بدل چکی ہیں ۔تمام حالات بدل چکے ہیں ۔ جولوگ مجھے دُکھ دیتے اور تنگ کرتے تھے ۔وہ میرے دوست بن چکے ہیں اور میری حوصلہ افزائی کرتے ہیں ۔ اب میں برکت کی قوت کے مزید اورنتائج کا انتظارکررہاہوں۔

مَیں اِس شخص کی گواہی کو پڑھ کرخوش ہوا اور خداوند کی تعریف کی ۔ایک دفعہ میرے ایک دوست نے مجھے اپنے گھر میں دُعا کے لیے بلایا کیونکہ اُنکے خاندان میں جائیداد پر جھگڑا چل رہا تھا اور یہ

اِس قدر بڑھتا جا رہا تھا کہ ماحول ناخوشگوار ہو چکا تھا۔ معاملہ کسی طرح حل نہیں ہو رہا تھا۔ مَیں نے اپنے دوست کو مشورہ دیا کہ دُعا کی بجائے ہمیں اِس تمام صورتِ حال میں برکت مانگنی چاہئے اور تمام متعلقہ افراد کو خدا کی طرف سے برکت دینی چاہئے۔ لہٰذا ہم نے ایسا ہی کیا اور یوں کہا

''اے خدا باپ ہم جائیداد کے اِس جھگڑے پر یسوع مسیح کی محبت اور برکت کو مانگتے ہیں۔ ہم اس تقسیم اور انتقام کے خلاف کھڑے ہوتے ہیں۔ اور میل ملاپ، محبت اور انصاف کی روح کو مانگتے ہیں۔ ہم اپنی خواہشات اور ارادوں کو رَد کرتے ہیں اور تجھے اِس معاملہ میں مداخلت کی دعوت دیتے ہیں۔ یسوع مسیح کے نام میں۔ آمین

خداوند کے نام کی تعریف ہو! تقریباً دو دن کے بعد یہ مسئلہ حل ہو گیا اور تمام افراد محبت سے متفق ہو گئے۔ اِس کتاب کے پڑھنے

والے ایک اور شخص کی گواہی سنیں۔

''مَیں نے برکت دینے کی قوت کو اپنی زندگی میں شدت سے محسوس کیا ہے۔ میری زندگی میں اِس کے نتائج بڑی تیزی سے سامنے آئے ہیں۔

مَیں اِس گواہی کو پڑھ کر بے حد خوش ہوا اور خداوند کی تعریف کی۔ برکت ہماری زندگی کو بدل کر رکھ دیتی ہے۔ برکت سے ہماری دُنیا بدل جاتی ہے۔

خود کو لعنت کرنے کی
بجائے برکت دیں

لعنتوں کو منسوخ کریں

یہ بڑی عام سی سوچ ہے ہم نے کبھی اِس پر غور نہیں کیا۔

''مَیں بدصورت ہوں۔ مَیں گونگا ہوں۔ مَیں سُست ہوں۔ مَیں پُرکشش نہیں ہوں۔ مجھے کوئی پسند نہیں کرتا۔ مَیں گنہگار ہوں۔ یہ تمام سوچیں اور جھوٹ ابلیس کی طرف سے ہیں جو ہمارے دل، دماغ اور پھر زبان پر آتے ہیں۔

میرا ایک دوست ہے جو ہر وقت یہی منفی الفاظ بولتا رہتا ہے اور مَیں یہ سن کر بے حد اداس ہوتا ہوں۔

میرے عزیزو! کبھی خود پر لعنت نہ کریں بلکہ اپنے لیے برکت

مانگیں۔ مجھے یاد ہے کہ ایک دفعہ مَیں ایک دُعائیہ گروپ میں خدمت کیلئے گیا۔ وہاں ایک عورت تھی جس میں کمزوری کی بدرُوح تھی۔ وہ دُعا کے لیے سامنے آئی اور بتایا گیا کہ وہ گونگی ہے۔ مَیں نے سوال کیا کہ کس نے تجھے کہا کہ تُو گونگی ہے۔ اس نے کہا کہ میرے والدین نے کہا تھا۔ مَیں یہ سن کر اداس ہوا۔ پھر مَیں نے اُس کی راہنمائی کی کہ وہ یہ الفاظ اپنے لیے بولے اور یسوع نام میں اس کمزوری پر غالب آئے۔

''مَیں اپنے والدین کو یسوع مسیح کے نام میں معاف کرتی ہوں۔ مَیں خود کو معاف کرتی ہوں۔ مَیں اُن تمام الفاظ کو منسوخ کرتی ہوں جو میرے والدین نے میرے لیے بولے۔ میرے اندر مسیح کی عقل ہے۔ مَیں سب کچھ صاف صاف بول سکتی ہوں۔ میری زبان فصیح ہے۔

اُسی گھڑی وہ عورت آزاد ہوگئی اور خداوند سے تقویت پا کر

بات چیت کرنا شروع ہوگئی۔ہم نے اُس کیلئے برکت کا اعلان کیا اور اُسے کہا کہ وہ خداوند کی شہزادی ہے۔خداوند اُسکی قدر کرتا ہے۔وہ خداوند کی نگاہ میں بیش قیمت ہے۔پھر روح القدس اُس سے ہمکلام ہوا کہ وہ بہتوں کی شفا کیلئے استعمال ہوگی اور دوسروں کو برکت دے گی۔آخر میں مَیں نے اُسے بہادری اور دلیری کی برکت دی۔

بائبل مقدس خداوند کے خوبصورت اور الٰہی منصوبوں سے بھری پڑی ہے۔یہ منصوبے اور وعدے اُس کے لوگوں کیلئے ہیں۔ہمیں اِن کا دعویٰ کرنا چاہئے۔ابلیس کو ہرگز موقع نہ دیں کہ وہ آپ کی برکت کو چُرا سکے۔مَیں ایک اور گواہی آپ کو سنانا چاہتا ہوں۔حال ہی میں مَیں نے ایک ایسی عورت کیلئے دُعا کی جو معدے کی درد میں مبتلا تھی۔جونہی مَیں نے اُس کیلئے دُعا کی تو کمزوری کی بدروح نے اُسے چھوڑ دیا۔اور فوراً اُس نے اپنی معدے کی درد سے شفا پائی۔

اپنی زبان کو باعثِ برکت بنائیں

اور اگر تو لطیف کو کثیف سے جدا کرے تو تُو میرے منہ کی مانند ہوگا۔'' (یرمیاہ 15:19)

یسوع مسیح کے بہت سے معجزات محض بولنے کی وجہ سے ہی وجود میں آئے۔ مثال کے طور پر یوحنا 50:4 میں لکھا ہے ''یسوع نے اُس سے کہا کہ جا تیرا بیٹا جیتا ہے۔''

میرے عزیزو! مَیں چاہتا ہوں کہ ہم اپنی زبان کی خوب حفاظت کریں۔ اور اپنی زبان کو اپنے لیے اور دوسروں کے لیے باعثِ برکت بنائیں۔

کچھ عرصہ پہلے مَیں اور میری بیوی نومیا (Noumea) میں ایک ہوٹل میں مقیم تھے۔ ہم نے غور کیا کہ ہمارے ساتھ والے کمرہ میں ایک بچہ ساری رات روتا رہا۔ میری بیوی نے اُس بچے کی ماں

سے پوچھا کہ کیا مسئلہ ہے؟ آپ کا بچہ کیوں نہیں سوسکتا؟ وہ بے حد پریشان تھی اور کچھ نہیں جانتی تھی کہ ایسا کیوں ہورہا ہے؟ مگر اُس نے یہ ضرور بتایا کہ ڈاکٹر نے تین بار اِس کی دوائی تبدیل کی ہے مگر دوائی کا اثر نہیں ہورہا۔ شاید اِس لیے بچہ پریشان ہے اور سو نہیں سکتا۔ میری بیوی نے اُس سے درخواست کی کہ اگر مَیں آپکے بچے کیلئے دُعا کروں تو کیا آپ میرے ساتھ متفق ہونگی۔ اُس عورت نے رضا مندی کا اظہار کیا۔ میری بیوی نے اُس بچے کیلئے دُعا کی اور ایمان سے اُس بچے کیلئے خداوند کا سکون مانگا۔ اُسکے بعد ہم جتنے دن وہاں رہے وہ بچہ آرام وسکون کی نیند سوتا رہا۔

وقت کے ساتھ ساتھ مَیں نے اپنے خیالات کو خداوند کی سوچ کے مطابق پاک کرنے کی کوشش کی ہے اور روح القدس کی راہنمائی میں چلتا ہوں۔ اُسے اپنے دل میں دعوت دیتا ہوں کہ وہ میرے دل کو پاک کرے، میرے دل کو نرمائے تاکہ مَیں سب کو برکت دے

سکوں۔اور مَیں نے محسوس کیا ہے کہ خداوند میری مدد کرتا ہے اور مجھے تقویت دیتا ہے۔مَیں اپنے تصورات کو بھی برکت دیتا ہوں۔اگر میرے اردگرد کچھ غلط ہو رہا ہو یا مَیں محسوس کروں کہ کچھ غلط ہوگا تو خداوند مجھ سے کلام کرتا ہے کہ اپنے تصورات کو برکت دو اور میرے معجزات کو اپنی زندگی میں دیکھو۔اِس کے بعد مَیں خداوند کے عجیب کاموں کو اور اُس کی برکات کو اپنی زندگی میں محسوس کرتا ہوں۔اِس تجربہ کو مَیں نے اپنی زندگی میں بہت زیادہ محسوس کیا ہے۔

فلپیوں 4:8 میں لکھا ہے۔''غرض اے بھائیو! جتنی باتیں سچ ہیں اور جتنی باتیں شرافت کی ہیں اور جتنی باتیں واجب ہیں اور جتنی باتیں پاک ہیں اور جتنی باتیں پسندیدہ ہیں اور جتنی باتیں دلکش ہیں۔غرض جو نیکی اور تعریف کی باتیں ہیں اُن پر غور کیا کرو۔''

ایک دفعہ مجھے اپنی زندگی میں ناکامی کا تجربہ ہوا اور مَیں اپنے خیالات میں بہت پریشان تھا۔بے حد الجھن تھی مگر خداوند میرے

دل کے خیالات سے مخاطب ہوا اور اُس نے مجھ سے کلام کیا۔

''میری رویا کو دیکھ اور اِس پر غور کر۔ میرے خیالات کو دن اور رات غور کر کہ وہ کیسے بیش بہا ہیں۔ سوتے اور جاگتے میری حضوری میں رہنا سیکھ۔ ہر وقت روشنی میں زندگی گزارنا سیکھ۔ روشنی میں ٹھہرا رہ۔''

اپنے بدن کو برکت دیں

کیا آپ اِس آیت سے واقف ہیں۔

''شادمان دل شفا بخشتا ہے لیکن افسردہ دلی ہڈیوں کو خشک کر دیتی ہے۔'' (امثال 22:17)

بائبل مقدس فرماتی ہے کہ ہمارے بدن پر مثبت الفاظ اور مثبت خیالات کا اثر ہوتا ہے۔ اِس لیے ہمیں ہر روز اپنے بدن کو برکت دینی چاہئے اور یوں کہنا چاہئے۔

''اے خداوند مَیں اپنے بدن کو برکت دیتا ہوں۔ ہر طرح کی کمزوری کو اپنے بدن سے دُور جانے کا حکم دیتا ہوں۔ مَیں اپنے جسم کیلئے خوبصورتی اور کامل تندرستی کو یسوع مسیح کے نام سے قبول کرتا ہوں۔''

ایک دفعہ مَیں نے ویڈیو میں ایک ایسے شخص کو دیکھا جو دل کے

عارضہ میں مبتلا تھا۔ وہ سخت تکلیف میں تھا۔ اُس کے دل کا آپریشن ناکام ہو چکا تھا۔ جب مَیں نے یہ ویڈیو دیکھی تو ایمان سے اُس کی شریانوں کو برکت دی۔ اور خداوند کے نام کو جلال دے کر اُس کی شفا کا اعلان کیا۔ تقریباً تین مہینے کے بعد ڈاکٹر نے اُسے دوبارہ آپریشن کیلئے بلایا۔ اور اُس کا آپریشن کامیاب تھا۔ اب وہ ایک صحت مند زندگی گزار رہا ہے۔ خداوند کی تعریف ہو۔

اِس معجزہ کے بعد مَیں نے سوچا کہ مجھے اپنے چہرہ کی جلد (Skin) کو بھی برکت دینی چاہئے۔ کیونکہ مَیں اپنی جوانی کے ایام سے ہی جلد کی حساسیت کا شکار تھا اور اکثر دھوپ میں میری جلد پر منفی اثرات نظر آتے تھے۔ مَیں دھوپ کو برداشت نہیں کر سکتا تھا۔ مَیں نے اپنی جلد کو برکت دینے کا فیصلہ کیا اور یسوع نام میں اِسے برکت دی۔ کیونکہ جلد ہمارے بدن کے تمام اندرونی اعضاء کو تحفظ دیتی ہے اسلئے اِس کا صحت منداور خوبصورت نظر آنا نہایت ضروری ہے۔ اس

لیے مَیں نے کہا

''اے خداوند مَیں اپنی جلد کے لیے تیرا شکر کرتا ہوں ۔ مَیں اپنی جُھریوں اور تمام خراب حصوں کو یسوع کے نام میں برکت دیتا ہوں۔

مَیں نے محسوس کیا کہ تقریباً سات مہینے مسلسل اپنی جلد کو مسلسل برکت دینے سے میری جلد میں شفا آئی اور مزید دُعا کرنے اور برکت دینے سے مَیں نے مکمل شفا حاصل کی ۔ مگر اِس شفا کا اصل بھید خداوند کی شکرگزاری تھا۔ ناشکرگزاری ہمیں خدا اور شفا سے دُور لے جاتی ہے مگر شکرگزاری خدا کے نزدیک لے آتی ہے اور ہماری شفا پر مُہر ہو جاتی ہے۔

مَیں اپنے دوست ڈیوڈ گڈمین (David Goodman) کی گواہی بھی سنانا چاہتا ہوں۔ ڈیوڈ کہتے ہیں:

''کچھ ماہ پہلے برکت کے موضوع پر مَیں نے رچرڈ کا پیغام سنا

تو مَیں نے محسوس کیا کہ مجھے اپنے بدن کو برکت دینے کی ضرورت ہے۔سب سے پہلے مَیں نے ایک چھوٹا سا تجربہ کیا۔مَیں نے اپنے ہاتھوں کی انگلیوں کو برکت دی ۔ پھر مَیں نے اپنی ٹانگوں کو برکت دی۔مَیں خداوند کا شکر کرتا ہوں کہ میری کمزوری جاتی رہی اور میرے بدن نے اپنی چُستی کے ساتھ کام کرنا شروع کر دیا۔ کیونکہ مَیں ڈرائیونگ کرتے ہوئے تھک جاتا اور میرے بازو اور ٹانگوں میں درد رہتا تھا۔اِسکے علاوہ مَیں ہڈیوں کی کمزوری کا شکار تھا۔ پھر مَیں نے اپنے بدن کے اِس حصہ پر بھی غور کیا اور اِسکے لیے برکت مانگنا شروع کر دی۔اور آخر کار مَیں اِس کمزوری پر بھی غالب آ گیا۔ اور تقریباً تین ہفتوں کے بعد مَیں اپنے بدن کے ہر حصہ کیلئے شفا حاصل کر چکا تھا۔تمام کمزوریاں غائب ہو گئیں اور دم توڑ چکی تھیں اور اِس کے بعد میرے بدن میں کبھی کوئی کمزوری نہ آئی اور مَیں کامل تندرست رہا۔خداوند کی تعریف ہو۔

اپنے گھر، خاندان، ازدواجی زندگی اور بچوں کو برکت دیں

اپنے گھر کو برکت دینا نہایت ضروری ہے۔ جب آپ اپنے گھر کو برکت دیتے ہیں تو آپ روح القدس کو اپنے گھر میں دعوت دیتے ہیں اور یسوع مسیح کے اختیار کا اعلان کرتے ہیں تا کہ وہ آپ کے گھر کی ہر چیز اور ہر فیصلہ کو کنٹرول کرے۔

گھر صرف اینٹوں سے ہی بنا نہیں ہوتا بلکہ یہ افراد سے بنتا ہے جو اِس میں بستے ہیں۔ گھر کی اپنی ایک شناخت اور شخصیت ہوتی ہے۔ جس گھر میں آپ رہتے ہیں۔ آپ سے پہلے کوئی اُس گھر میں رہتا تھا اور اُسے بھی اِس گھر پر قانونی اختیار تھا پھر اُسکے اِس گھر کا قانونی اختیار آپ کو حاصل ہو گیا۔ مگر آپ سے پہلے کوئی اور اِس گھر میں رہتا تھا۔ آپ نہیں جانتے کہ اِس گھر میں کیا اچھا اور کیا بُرا

ہوتا رہا۔ یہاں پر برکات تھیں یا لعنتیں۔

اب آپ کا کام ہے کہ اِس ماحول کو روحانی بنائیں۔ تمام گزشتہ نسلی لعنتوں کو منسوخ کریں اور خداوند کی برکت کا اپنے گھر میں اعلان کریں۔

آپ اپنے گھر کے تمام کمروں میں گھوم کر بڑی سادگی سے اپنے گھر کیلئے یہ برکت مانگ سکتے ہیں۔

''مَیں اپنے گھر کو یسوع نام میں برکت دیتا ہوں۔ مَیں اعلان کرتا ہوں کہ یہ گھر خدا کا گھر ہے۔ اِس گھر میں خداوند بادشاہی کرتا ہے۔ مَیں اِسے خداوند کے لئے مخصوص کرتا ہوں۔ آج سے یسوع مسیح اِس گھر کا مالک اور خداوند ہے۔ یہ برکت کا گھر ہے۔

یسوع مسیح کے نام سے مَیں اِس گھر کی تمام نسلی لعنتوں کو منسوخ کرتا ہوں۔ مَیں یسوع مسیح کے اختیار سے بدی کی تمام قوتوں کو حکم دیتا ہوں کہ وہ اِس گھر کو چھوڑ دیں۔ اور اِس کے بعد کبھی اِس گھر میں

دوبارہ داخل نہ ہوں۔ مَیں اپنے گھر سے لڑائی جھگڑے۔ تقسیم، تفرقہ اور غربت کی روح کو نکلنے کا حکم دیتا ہوں۔ اے روح پاک آ اور اِس گھر کو اپنی حضوری سے بھر دے۔ تیرے پھل اِس گھر کے افراد کی زندگیوں سے ظاہر ہوں۔ جو بھی اِس گھر میں آئے وہ محبت، خوشی، اطمینان، تحمل، مہربانی، نیکی، ایمانداری، حلم اور پرہیزگاری کو دیکھے اور برکت پائے۔ یسوع کے نام میں۔ آمین

مَیں نے خود بھی اس پر عمل کیا ہے اور اپنے گھر کی چاردیواری کے گرد چکر لگا کر اِسے یسوع مسیح کے خون کی آتشین باڑ میں محفوظ کرتا ہوں۔ مَیں اپنی جائیداد کو اور اپنے گھر کے تمام افراد کو یسوع مسیح کے خون میں محفوظ کرتا ہوں۔ مَیں اپنے گھر کو اور اپنے خاندان کو بدی کی قوتوں سے اور قدرتی آفات سے بھی یسوع مسیح کے نام میں محفوظ کرتا ہوں۔

آپ کی شادی

مَیں نے کیری کروڈ (Kerry Kirwood) کا یہ بیان پہلی بار پڑھا تو مجھے تھوڑا سا دھچکا لگا۔ اُس نے لکھا:

''ہم اپنی شادی کو برکت بھی دے سکتے ہیں اور اِس پر لعنت بھی کر سکتے ہیں۔ جب مَیں نے یہ پڑھا تو سوچنا شروع ہو گیا کہ کیا یہ درست ہے؟

اِس کے متعلق بہت سوچنے کے بعد مجھے ایمان سے تقویت ملی یہ بالکل ٹھیک ہے کیونکہ ہماری شادی، خاندان اور بچوں کی زندگی میں مشکلات آتی ہیں تو محض اِس وجہ سے آتی ہیں کہ ہم اپنی ازدواجی زندگی، خاندان اور بچوں کو برکت نہیں دیتے۔ مگر برکت دینے سے ہم خدا کے منصوبوں کی تکمیل اور حقیقی شادمانی کو اپنی شادی اور خاندان میں دیکھتے ہیں۔

شوہر اور بیوی ایک دوسرے کی عادات سے بخوبی واقف ہوتے ہیں۔ وہ ایک دوسرے کی کمزوریوں سے واقف ہوتے ہیں۔ اس لیے انہیں کمزور پہلو کا ذکر نہیں کرنا چاہئے کیونکہ ابلیس کی یہ کوشش ہوتی ہے کہ وہ ایک دوسرے کو کمزوری کا طعنہ دیں۔ تا کہ وہ شادی کو ناکام کر سکے۔ اِسکے برعکس وہ ایک دوسرے کیلئے برکت مانگیں تا کہ ہمیشہ خوش اور آباد رہیں۔

اِسلئے ہرگز لعنت نہ کریں بلکہ برکت چاہیں کیونکہ برکت چاہنے اور مانگنے سے ہی آپ خدا کی برکت کے وارث بن سکتے ہیں۔ برکت دینا سیکھنا ایک نئی زبان سیکھنے کے برابر ہے۔

آپ کے بچے

اپنے بچوں کو برکت دینے کے بہت سے طریقے ہیں۔ مَیں اپنی پوتی جو ابھی چار سال کی ہے اس طرح برکت دیتا ہوں۔

''ایشلے مَیں تیری ساری زندگی کیلئے برکت مانگتا ہوں۔ میری دُعا ہے کہ تو خدا کی خوبصورت بندی بنے۔ مَیں تیری سوچوں پر برکت مانگتا ہوں تا کہ تیرے فیصلے ہمیشہ پُرحکمت ہوں۔ تو نیک و بد میں امتیاز حاصل کر سکے۔ مَیں دُعا کرتا ہوں کہ شادی تک تیرا بدن پاک، خوبصورت اور صحتمند رہے۔ تیرے قدم خداوند کی راہوں پر چلیں۔ مَیں تیری زبان کو برکت دیتا ہوں تا کہ یہ دوسروں کو برکت دے سکے اور دوسروں کی حوصلہ افزائی کر سکے۔ مَیں تیرے شوہر کو برکت دیتا ہوں اور دُعا کرتا ہوں کہ تم دونوں ہمیشہ محبت سے جڑے رہو۔ مَیں تیری ہر چیز کو برکت دیتا ہوں اور تیرے باپ پر فخر کرتا ہوں۔

مَیں سمجھتا ہوں کہ اگر بچہ اپنی زندگی کے کسی پہلو میں کمزوری اور مشکل کا شکار ہے تو ہم مناسب انداز میں اُسے برکت دے سکتے ہیں۔ اگر اُسے سکول جانے، اپنا سبق یاد کرنے اور مختلف مضامین

کے فارمولے یاد کرنے میں مشکل ہے تو ضرور ہے کہ ہم اُسکے ذہن کو برکت دیں۔ اُس کیلئے خدا کی حکمت اور ذہانت مانگیں۔ خدا اُس کو اپنے ہم جماعتوں اور اساتذہ کی نگاہ میں مقبولیت بخشے۔

مجھے یاد ہے کہ ایک دفعہ مجھے خدا کی ایک بندی سے ملنے کا اتفاق ہوا۔ وہ مسیحی تھی۔ ایماندار تھی مگر اُس نے اپنے پوتے کے متعلق بڑی منفی گفتگو کی۔ مثلاً وہ بہت شرارتی، ٹیڑھا اور باغی ہے۔ وہ سکول میں سب کیلئے مسائل اور مشکلات کا باعث ہے۔ اُس کی سوچیں منفی ہیں وغیرہ وغیرہ

اُس عورت کی یہ ساری گفتگو سننے کے بعد مَیں نے اُسے مشورہ دیا کہ وہ اپنے پوتے کو لعنت دینا چھوڑ دے۔ اپنے منفی الفاظ سے اُسے قید نہ کرے بلکہ اُسکی زندگی کے ہر پہلو کیلئے برکت چاہے۔ اُس عورت کے شوہر یعنی اُس بچے کے دادا نے میری بات پر اتفاق کیا اور اپنے پوتے کو برکت دینا شروع کی۔ اِس ملاقات کے دو ہفتے

بعد مجھے پتہ چلا کہ اُس بچے کی زندگی میں واضح تبدیلی آئی۔ یقیناً یہ برکت کی دُعا کا اثر تھا۔

والدین کیلئے ایک اور اہم بات یہ ہے کہ باپ اپنے بچے کو اس انداز میں برکت دے سکتا ہے کہ یہ اُسکے لیے ایک ''باپ کی برکت'' ہو۔ ''باپ کی برکت'' میَں نے ایک خادم فرنیک ہیمنڈ (Frank Hammond) کی خوبصورت کتاب کو پڑھنے سے سیکھی۔ ''باپ کی برکت'' کے بغیر زندگی میں ایک خلا رہتا ہے اور کوئی دوسرا اِسے بھر نہیں سکتا۔ ہمیشہ باپ کا شفقت بھرا ہاتھ اپنے خاندان اور بچوں پر ہونا چاہئے۔ ضرور ہے کہ باپ اپنے خاندان اور بچوں پر ہاتھ رکھے مثلاً اُن کے سر پر اور کندھوں پر ہاتھ رکھ کر انہیں برکت دے۔

جب بھی میں یہ پیغام لوگوں کو سناتا ہوں تو اُن سے یہ سوال ضرور پوچھتا ہوں کہ یہاں کتنے لوگ ہیں جن کے باپ اُن کے سر پر ہاتھ رکھ کر انہیں برکت دیتے ہیں۔ میَں دیکھتا ہوں کہ بہت کم

لوگ ہاتھ ہلاتے ہیں۔تب مَیں انہیں دعوت دیتا ہوں کہ مَیں اُن کا روحانی باپ ہونے کی حیثیت سے انہیں برکت دینا چاہتا ہوں۔پھر مَیں روح القدس کی قدرت سے انہیں برکت دیتا ہوں۔اِس کے نتیجے میں ایک بڑی شادمانی اور رہائی آتی ہے اور لوگ آنسوؤں کے ساتھ گواہیاں سناتے ہیں۔خداوند کی تعریف ہو اور اُس کے نام کو عزت اور جلال ہو۔

اگر آپ باپ کی برکت کیلئے خواہش رکھتے ہیں جیسے کہ میری خواہش تھی تو پھر فرینک ہیمنڈ (Frank Hammond's) کی کتاب ضرور پڑھیں۔

باپ کی برکت

میرے بچے مَیں تجھ سے پیار کرتا ہوں ۔تو بڑا خاص بچہ ہے تو میرے لیے خدا کی طرف سے ایک تحفہ ہے ۔مَیں تیرا باپ ہونے کے لیے خداوند کا شکر ادا کرتا ہوں ۔مَیں تجھ پر فخر کرتا ہوں اور تجھ میں شادمانی پاتا ہوں ۔اور مَیں تجھے یسوع نام میں برکت دیتا ہوں ۔

مَیں تجھے دل کے تمام زخموں مثلاً حقارت ، رَد کیے جانے کے احساس اور نفرت سے شفا کی برکت دیتا ہوں ۔ یسوع مسیح کے پُر قدرت نام میں مَیں تجھے بدی کے منصوبوں اور بُرے الفاظ سے آزاد کرتا ہوں اور دشمن کی قوتوں کو جو تیرے خلاف ہیں باندھ دیتا ہوں ۔مَیں تجھے یسوع مسیح کے الٰہی اطمینان کی برکت دیتا ہوں ۔ مَیں تجھے روح کے پھلوں کی برکت دیتا ہوں ۔اور میری دُعا ہے کہ یہ پھل تیری زندگی میں قائم ہوں اور ہمیشہ قائم رہیں ۔مَیں تجھے

کامیابی کی برکت دیتا ہوں ۔تو ہمیشہ سرٹھہرے نہ کہ دُم ۔تو ہمیشہ سب سے آگے رہے اور ہر کام میں راہنمائی (Lead) کرنے والا ہو۔ جو برکات اور نعمتیں خدا نے تجھے عطا کی ہیں مَیں انہیں برکت دیتا ہوں ۔مَیں تجھے الٰہی حکمت کی برکت دیتا ہوں اور درست فیصلوں کے لیے تو ہمیشہ خدا سے تقویت پاتا رہے ۔تیری زندگی کی خوشحالی اِس قدر بڑھ جائے کہ تو دوسروں کے لیے باعثِ برکت ٹھہرے۔ مَیں تجھے روحانی زندگی گزارنے کی برکت دیتا ہوں کیونکہ تو دُنیا کا نور اور زمین کا نمک ہے۔تو ہمیشہ خداوند کی راہوں پر چلے اور اُس کی قربت میں رہے۔ خداوند کا کلام ہمیشہ تیرے قدموں کیلئے چراغ ہو اور تُو کبھی ٹھوکر نہ کھائے تیرا کردار لوگوں کیلئے ایک نمونہ ٹھہرے اور تیرے ہاتھوں کے کام سے خداوند کو جلال ملے۔ مَیں تجھے اچھے، نیک اور وفادار دوستوں کی برکت دیتا ہوں ۔تو خدا اور انسانوں کی نظر میں مقبول ہو۔ تیری زندگی میں ہمیشہ محبت کی

ندیاں جاری رہیں۔اورتُو خدا کے فضل سے اُس سے محبت کر سکے۔
میرے بچے! تو ایک بابرکت بچہ ہے۔تو مسیح یسوع میں تمام روحانی
برکات کا مالک ہے۔آمین

باپ کی برکت کے حوالے سے کچھ گواہیاں

باپ کی برکت کے باعث میری زندگی بدل گئی۔مَیں نے اپنی
زندگی بھر ایسا پیغام کبھی نہیں سنا تھا۔ پاسٹر رچرڈ آپ کو خدا نے میرا
روحانی باپ ہونے کی حیثیت سے میری برکت کیلئے استعمال کیا۔
یقیناً مجھے ایک روحانی باپ کی ضرورت تھی۔آپ کی دُعا اور برکت
سے تسلی آئی اور مَیں نے خدا کے الٰہی اطمینان کو محسوس کیا ہے۔میرا
دل نہایت شادمان ہے۔وکلف الوماسا، کینیا

(Wycliffe Alumasa Kenya)

میری زندگی کا سفر نہایت دشوار تھا اور مَیں ذہنی دباؤ کا شکار تھا

میرے خیالات، ذہن اور زندگی میں ہر وقت ایک جنگ جاری تھی۔ میرے جسمانی باپ نے کبھی مجھ سے محبت کا اظہار نہیں کیا تھا۔ میری زندگی میں ایک جذباتی خلا تھا۔ میرے باپ کے پاس میرے لیے کوئی الفاظ نہ تھے جن سے میری جذباتی تسکین ہو سکے۔

پھر ایک دن میرے ایک دوست نے مجھے رچرڈ کے پیغام کی کہانی سنائی اور اپنی گواہی بھی سنائی کہ اُس نے کیسے برکت پائی۔ اِس گواہی کو سن کر خداوند کے روح القدس نے میری راہنمائی کی کہ مَیں اپنے باپ کو معاف کروں۔ اور مَیں نے اپنے باپ کو معاف کیا۔ پھر مَیں نے پاسٹر رچرڈ سے درخواست کی کہ وہ میرا روحانی باپ بن کر مجھے برکت دے۔ جب انہوں نے دُعا کی تو روح القدس کا مسَح میری زندگی پر ٹھہر گیا۔ یہ ایک خوبصورت تجربہ تھا۔ مَیں خدا کی قوت اور اُس کے مسَح کو پا کر خوشی سے رو رہا تھا۔ میری زندگی میں الٰہی اطمینان آ چکا تھا۔ اب میری زندگی سے چڑچڑا پن اور بے

چینی بھاگ چکے تھے۔ ڈاکٹر کی تمام دوائیاں مَیں نے پھینک دیں
اوراب مَیں مکمل طور پر تندرست ہوں۔

رائن

دوسروں کیلئے نبوتی طور پر
برکت جاری کرنا

اگرچہ مَیں نے آپ کے سامنے چند گواہیاں اور مثالیں رکھی ہیں تا کہ آپ برکت دینے کی خدمت کا آغاز کریں لیکن اِس سے پہلے یہ بات ضروری اور اہم ہے کہ آپ خداوند سے راہنمائی لیں کہ وہ آپ کی زبان کو چھوئے اور آپ کا منہ بنے اور آپ اُس کی قدرت سے بولیں۔ تا کہ آپ اُسکی قدرت سے لوگوں کیلئے خدا کے منصوبوں کا اعلان کریں۔صورتِ حال کے مطابق آپ غیر زبانوں میں بھی دُعا کر سکتے ہیں۔آپ پرستش بھی کر سکتے ہیں۔ ہمیشہ روح القدس پر بھروسہ کریں۔روح القدس کی آواز سنیں۔آہستہ آغاز کریں مگر ہر روز خداوند کی قوت میں بڑھتے جائیں۔

اپنی ملازمت کی جگہ کو برکت دیں

اب ہم دوبارہ حصہ اول کی طرف واپس آتے ہیں جہاں مَیں نے اپنے ذاتی تجربہ کا ذکر کیا تھا۔ خود کو خداوند کے حضور پیش کریں اور خداوند آپ کی راہنمائی کرے گا اور آپ نے اپنے حالات اور ملازمت کی جگہ اور دفتر اور سارے سٹاف کو کیسے برکت دینی ہے۔ سُستی، کاہلی اور بددیانتی پر خداوند کی برکت نازل نہیں ہوتی لیکن خداوند کی شرائط کے مطابق آپ اپنے کاروبار اور ملازمت کو برکت دے سکتے ہیں۔ پھر آپ خداوند کے فضل کو مانگیں اور ایمان سے اُسے حاصل کریں کیونکہ وہ آپ سے محبت کرتا اور آپ کو کامیاب دیکھنا چاہتا ہے۔

بِن فوکس (Ben Fox) نے مجھے یہ گواہی بھیجی۔

میری پراپرٹی کی ملازمت پچھلے چند سالوں سے زوال کا شکار

تھی۔اور مجھے کاروبار میں مسلسل نقصان ہو رہا تھا۔مَیں بہت سے لوگوں سے دُعا کیلئے درخواست کر رہا تھا کیونکہ مَیں بے حد فکر مند تھا۔

مگر 2015ء میں مَیں نے پاسٹر رچرڈ کے پیغامات پر مبنی ایک سلسلہ وار سی ۔ڈی دیکھی اور پھر اِن پیغامات کو سنا۔ یہ پیغامات برکت سے متعلق تھے کہ کیسے اپنے خاندان، کاروبار اور زندگی کے دوسرے اہم پہلوؤں کیلئے دُعا کی جائے۔ اِن پیغامات کو سن کر مَیں نے یہ سیکھا کہ خدا نے ہمیں یہ اختیار دیا ہے کہ ہم اپنے تمام حالات کے لیے دُعا کریں۔لہٰذا مَیں نے اپنے کاروبار کو برکت دینا شروع کی۔ اِس لیے خدا کا شکر ادا کیا۔مَیں ہر روز صبح سویرے بڑی مستقبل مزاجی سے دُعا کرتا ہوں کہ خداوند میرے کاروبار کو برکت دے اور میرے لیے نئے گاہک اور ملازم مہیا کر جو اِس کاروبار میں میری مدد کر سکیں۔

مَیں نے دیکھا کہ ایک سال کے اندر اندر میرا کاروبار واضح

طور پر وسعت پانا شروع ہوگیا۔ یہاں تک کہ میرے لیے اسے سنبھالنا مشکل ہوگیا۔ مَیں اسکا سارا جلال اور عزت خداوند کے عظیم اور بابرکت نام کو دیتا ہوں ۔اب مَیں نے اپنے کام کے لیے روح القدس کو دعوت دی کہ وہ میرے ذہن کو کھولے اور اِس کاروبار کیلئے مجھے مختلف تخلیقی خیالات ونظریات عطا کرے جس سے اس کاروبار میں جدت آئے اور لوگ اسے پسند کریں۔اور مَیں نے محسوس کیا کہ خداوند نے میری توقعات سے بڑھ کر کام کیا اور برکت دی۔

اِس بات سے مَیں نے محسوس کیا ہماری کلیسیائیں برکت کی تعلیم اور اِسکے اصل پیغام سے روشناس نہیں ہیں۔انہیں اِس کیلئے بیدار ہونے کی ضرورت ہے۔اپنے کاروبار کو برکت دینا میرا معمول بن چکا ہے۔مَیں دوسروں کو بھی یسوع نام میں برکت دیتا ہوں کیونکہ مَیں نے یہ سیکھ لیا ہے کہ برکت دینے سے ہی ہم برکت حاصل کر سکتے ہیں۔

اپنے معاشرے کو برکت دینا

اب مَیں اپنی کلیسیا اور مختلف تنظیموں کے بارے میں سوچ رہا ہوں کہ اپنے معاشرے کو کیسے برکت دی جائے تاکہ اِن کی زندگیوں میں برکت کام کرے۔

معاشرے کے مختلف لوگو! ہم تمہیں یسوع مسیح کے نام میں برکت دیتے ہیں۔ ہم تمہیں برکت دیتے ہیں تاکہ تم یسوع مسیح کو جان سکو۔ تمہاری زندگیوں میں خدا کے مقاصد اور منصوبے تکمیل پائیں۔ ہم تمہارے خاندانوں اور شادیوں اور رشتوں اور نسلوں کو برکت دیتے ہیں۔ ہم تمہاری صحت اور دولت کو برکت دیتے ہیں۔ ہم تمہارے ہاتھوں کے کاموں کو برکت دیتے ہیں۔ ہم تمہیں خوشحالی کی برکت دیتے ہیں۔ ہم سکول کے تمام اساتذہ اور اُن کے شاگردوں اور طلباء کو برکت دیتے ہیں۔ ہم پڑھنے، مطالعہ کرنے اور

سمجھنے اور سیکھنے کی برکت دیتے ہیں۔ ہم انہیں برکت دیتے ہیں کہ وہ حکمت اور دانائی اور فہم میں آگے بڑھیں۔ اور خدا اور انسان کی مقبولیت میں بڑھتے جائیں۔

ہم اُنکے اساتذہ کیلئے دُعا کرتے ہیں کہ وہ ہمیشہ صحت مند رہیں اور محبت سے انہیں تعلیم دیں اور اُنکی حوصلہ افزائی کریں۔ سکول اور تمام ادارے ہمیشہ محفوظ رہیں۔ تاکہ امن وسکون سے تعلیم دی جا سکے۔ جب ہم اپنے معاشرے کے لوگوں کیلئے دُعا کرتے ہیں۔ اور انہیں خدا کی آواز سننے کیلئے تیار کرتے ہیں تاکہ وہ خداوند اور روح القدس کی آواز سن کر جواب دے سکیں۔ یوں وہ خدا کی بادشاہی کی وسعت کے کام کے لیے تیار ہو سکتے ہیں۔ اور کلیسیا کیلئے باعثِ برکت بن سکتے ہیں۔ آپ اِس بات کی پرواہ نہ کریں کہ لوگ اِس برکت کے قابل ہیں یا نہیں؟ بے شک وہ حقدار نہ ہوں تو بھی برکت مانگنا آپ کی خدمت ہے اور آپ برکت دیں۔ لوگ خود ہی اِس

برکت کی خوشی کو اپنے دل میں محسوس کریں گے اور برکت کو ضرور ہی
حاصل کریں گے۔

اپنی سرزمین کو برکت دینا

پیدائش کی کتاب میں ہم دیکھتے ہیں کہ خدا نے انسان کو اپنی صورت پر پیدا کیا اور انہیں برکت دی اور کہا کہ پھلو اور بڑھو اور زمین کو معمور و محکوم کرو۔ یہ بنی نوع انسان کی خوشحالی، خوبصورتی اور برکت کا اصل پہلو ہے۔ ابھی حال ہی میں جب مَیں کینیا میں تھا تو مجھے ایک مشنری سے ملنے کا اتفاق ہوا۔ اُس نے گلی سے تمام چھوٹے چھوٹے بچوں کو لیا اور انہیں زراعت کے موضوع پر تعلیم دینے کا سلسلہ شروع کر رکھا تھا۔ اُس مشنری نے مجھے بتایا کہ چونکہ یہ سر زمین غیر مسیحی لوگوں کے اختیار میں ہے۔ اِس لیے یہاں کوئی فصل نہیں اُگتی۔ یہ زمین لعنتی ہے۔

میرے دوست مشنری اور وہاں کی کلیسیا نے اِس زمین کو پیداوار کے لیے برکت دی تا کہ وہ زرخیز ہو۔ اور یہ ایک عجیب معجزہ

تھا کہ اُسی سال کے اندر اُس زمین کی فصل اُگنا شروع ہوگئی اور وہاں کے لوگوں نے خدا کی الٰہی برکت کا تجربہ کیا۔

اُسی خدمت کے دوران مَیں نے کینیا میں تمام یتیم خانوں، باغات، فصلوں اور وہاں کے مویشیوں کو برکت دی اور مَیں نے اِس برکت کے حوصلہ افزاء نتائج دیکھے۔

خدا کو مبارک کہنا

اگر چہ اس موضوع کو مَیں نے سب سے آخر میں رکھا ہے مگر حقیقت میں اِسے سب سے پہلے ہونا چاہئے تھا۔ ہم خدا کو کیسے مبارک کہہ سکتے ہیں؟ زبور 103 میں یوں لکھا ہے:

''اے میری جان خداوند کو مبارک کہہ اور اُس کی کسی نعمت کو فراموش نہ کر۔'' خدا نے ہماری جان کیلئے کیا نعمتیں رکھی ہیں اور ہمیں کیا کیا برکات بخشی ہیں؟ وہ ہمیں معاف کرتا ہے۔ وہ ہمیں شفا دیتا ہے۔ وہ ہمیں نجات دیتا ہے، رہائی بخشتا ہے۔ وہ ہمارے سر پر شفقت اور رحمت کا تاج رکھتا ہے۔ وہ ہمیں اچھی اچھی چیزوں سے آسودہ کرتا ہے۔ وہ ہمیں عقابوں کی مانند از سرِ نو جوان کرتا ہے۔ اِس خدا کی اِن نعمتوں کو ہمیشہ یاد رکھیں اور دُعا کریں کہ خدا اِنکے وسیلے دوسروں کی زندگیوں میں برکت لائے۔ ہمیشہ خداوند کو مبارک

کہیں۔ اِس سے خداوند خوش ہوگا۔ غور کریں کہ اگر آپ کا بچہ کسی تحفہ کیلئے آپ کا شکر گزار ہو تو آپ کیسا محسوس کریں گے؟ یقیناً آپ بہت خوش ہونگے کیونکہ صرف فرمانبردار بچہ ہی باپ کی شکر گزاری کر سکتا ہے۔ اور وہ اپنے باپ سے مزید تحائف حاصل کرنے کے لائق ٹھہرے گا۔

اطلاق!

آپ کسی ایسے شخص کے بارے میں سوچیں جس نے آپ کو دُکھ دیا ہو۔ ضرور ہے کہ آپ اُسے معاف کریں اور پھر آگے بڑھیں اور اُسے برکت دیں۔

اگر آپ نے کسی پر یا خود پر لعنت کی ہے تو اِسکا اقرار کریں۔

آپ نے اِس معاملہ اور مسئلہ کے بارے میں کیا سوچا ہے؟

اپنے شریکِ حیات اور اپنے بچوں کے لیے برکات لکھنا اور بولنا شروع کریں۔

جب بھی آپ کسی شخص سے ملیں تو اُس سے نبوتی باتیں کریں اور خدا سے اُس کے لیے مکاشفہ مانگیں اور اُس کی حوصلہ افزائی کریں۔ آغاز عام باتوں سے کریں۔ مثال کے طور پر یہ کہیں مَیں تجھے یسوع مسیح کے نام میں برکت دیتا ہوں۔ خدا کے منصوبے تیری

زندگی میں تکمیل پائیں اور تو پھلدار ہو۔ تو ہمیشہ صبر سے خداوند کا منتظر رہے۔ چونکہ آپ کے اندر مسیح کی عقل ہے اس لیے اُس شخص کو نبوتی طور پر برکت دیں۔ اِسی طرح اپنی کلیسیا کو بھی برکت دیں اور اپنے سارے علاقے کی شفا کیلئے جہاں آپ خدمت کیلئے جاتے ہیں دُعا کریں۔

ہم ایک مسیحی کیسے بنیں؟

یہ چھوٹی سی کتاب مسیحیوں کے لئے لکھی گئی ہے۔ مسیحیوں سے مراد وہ لوگ نہیں جو بہت اچھی زندگی گزارتے ہیں بلکہ وہ لوگ ہیں جو خدا کے روح سے نئے سرے پیدا ہوئے ہیں اور نجات یافتہ ہیں۔ یعنی وہ لوگ جو حقیقی طور پر مسیح کے پیروکار اور فرمانبردار ہیں۔

ہمارا بدن تین حصوں سے بنا ہے۔ روح، بدن، جان

ہماری روح کا تعلق خدائے پاک سے ہے۔ ہم خدا کے ساتھ قربت اور رفاقت کیلئے بلائے گئے ہیں۔ مگر گناہ ہمیں خدا سے جدا کر دیتا ہے۔ جسکے نتیجہ میں روحانی موت واقع ہوتی ہے اور پھر خدا کے ساتھ رشتہ ٹوٹ جاتا ہے۔ اِس کے نتیجہ میں انسان اپنے بدن سے سارے کام کرنے کی کوشش کرتا ہے اور پھر اِس کے نتیجہ میں دُنیا کے کام ہماری زندگی میں نمودار ہوتے ہیں۔ خودغرضی، فخر، گھمنڈ، لالچ،

بھوک افلاس اور جنگ و جدل اور بے اطمینانی وجود میں آتی ہے مگر خدا کے پاس بنی نوع انسان کو نجات دینے کیلئے ایک بڑا منصوبہ تھا۔خدا باپ نے اپنے بیٹے کو بھیجا جو خود خدا ہے۔مگر وہ زمین پر اس لیے آیا کہ وہ ہم پر ظاہر کر سکے کہ خدا کیسا ہے۔ یوحنا کی انجیل میں لکھا ہے جس نے مجھے دیکھا اُس نے باپ کو دیکھا۔اور پرانے عہد نامہ میں اُس کی موت کی پیشگوئی ابتداء ہی سے کر دی گئی تھی۔لہٰذا اُس نے انسان کے گناہوں کی قیمت ادا کی۔ الٰہی انصاف سے ہماری مخلصی اور تسلی ہوئی اور ہم رہا ہو گئے۔مگر خدا نے اپنے بیٹے یسوع مسیح کو مُردوں میں سے زندہ کیا۔اور اب یسوع مسیح کا یہ وعدہ ہے کہ جو اُس پر ایمان لاتے ہیں وہ بھی زندہ ہو کر ابدیت میں اُسکے ساتھ زندگی گزاریں گے۔اُس نے اپنا روح القدس ہمیں بیعانہ میں دیا ہے تا کہ ہم تقویت پا کر خدا کے ساتھ چلیں اور پاکیزگی میں زندگی گزاریں۔پس ہمارے اندر مسیح کی خوشخبری کی خوشبو ہے اور جب

تک آپ اِس زمین پر اور دُنیا میں زندگی گزاریں گے، روح القدس آپ میں سے ہو کر کام کرے گا اور آپ کو دوسرں کیلئے باعثِ برکت بنائے گا۔ مگر جو یسوع مسیح کے کفارہ پر ایمان نہیں لاتے وہ جہنم کی سزا کے مستحق ہونگے۔ مگر ایمان ہے کہ آپ یہ ہرگز نہیں چاہتے۔

آپ یہ دُعا کر سکتے ہیں اور اگر آپ یہ دُعا کریں گے تو آپ نئی پیدائش کا تجربہ حاصل کریں گے۔

''اے آسمانی باپ مَیں مسیح کے نام میں تیرے پاس آتا ہوں۔ مَیں اقرار کرتا ہوں کہ مَیں گنہگار ہوں۔ مَیں اپنے گناہوں سے معافی چاہتا ہوں۔ اے خدا باپ مجھے یسوع مسیح کے نام میں معاف کر۔ اے باپ تیرے کلامِ مقدس میں لکھا ہے کہ اگر تو اپنی زبان سے یسوع کے خداوند ہونے کا اقرار کرے اور اپنے دل سے ایمان لائے کہ خدا نے اُسے مُردوں میں سے جلایا تو نجات پائیگا۔''

(رومیوں 9:10)

اوراب اِسی لمحہ میں اقرار کرتا ہوں کہ یسوع مسیح میرے گناہوں کے واسطے مُوا اور مُردوں میں سے جی اٹھا اور میرا نجات دہندہ بنا۔ اوراب مَیں نجات یافتہ ہوں۔اے یسوع تیرے اِس پیار کیلئے کہ تُو نے میرے لئے جان دی مَیں تیرا شکر ادا کرتا ہوں۔مَیں تجھ سے پیار کرتا ہوں۔ مجھے اپنا پاک روح عطا کر اور میری راہنمائی کرتا کہ مَیں تجھ میں بڑھتا جاؤں۔یسوع مسیح کے نام میں آمین۔

اِس کتاب کو پڑھنے کیلئے مَیں آپ کا شکر گزار ہوں۔مَیں آپ لوگوں کی گواہیاں سننا پسند کروں گا کہ اِس کتاب نے آپکی زندگی کو کیسے تبدیل کیا۔اور جن لوگوں کو آپ نے برکت دی اُن کی زندگیاں کیسے تبدیل ہوئیں۔

خداوند آپ سب کو برکت دے۔

جب ہم ایمان میں آگے بڑھتے ہیں تو خدا کی قوت نا صرف ہمیں بلکہ دوسرے شخص کو بھی تبدیل کر دیتی ہے۔ ہر مسیحی کے پاس دوسروں کو برکت دینے کا اختیار ہے۔ اسلئے ضروری ہے کہ ہم اِس خدمت کو خداوند کی قوت اور خداوند کے اختیار سے سرانجام دیں۔ اور دوسروں کی زندگیاں تبدیل کرنے کیلئے اُنکی حوصلہ افزائی کریں۔ برکت کی قوت ایک شہزور اور مافوق الفطرت قوت ہے۔ یہ خداوند کی حضوری کو لاتی ہے اور روح القدس کے وسیلے ہماری زندگی میں روح کے پھل نظر آتے ہیں۔ اور ہم محبت، خوشی، اطمینان، تحمل، مہربانی کا تجربہ کرتے ہیں۔ اِس کے نتیجہ میں کامیابی، صحت اور کامل تحفظ ہماری زندگی میں آتے ہیں۔ اِس کتاب کو پڑھ کر آپ جان سکیں گے کہ برکت کی شہزور قوت کیسے کام کرتی ہے اور ہمیں اپنے ستانے والوں کیلئے کیسے برکت مانگنی ہے؟ اِس میں ہم اپنے شریکِ حیات، خاندان، بچوں اور معاشرے اور اپنی سرزمین کو برکت دینا سیکھیں گے اور پھر ہم اِن ساری برکتوں کیلئے خداوند کو مبارک کہنا سیکھیں گے جس نے ہمیں برکت دی اور برکت دینا سکھایا۔

یقیناً برکت دینے سے آپ اپنی دُنیا کو تبدیل کر سکتے ہیں۔

رابطہ:۔ پاسٹر سرور مسیح، لائٹ آف دی ورلڈ اسمبلیز

E-mail: sarwarmasihpk@gmail.com

Mob: +92-321-4593982